شریعتِ اسلامیہ کی روشنی میں

انٹیلیجنس اور فوج کے افراد و افسروں کا "حُکم"

جمع و ترتیب

فارس آل شویل الزھرانی

(اَبُوْجَنْدَلُ الْاَزْدِی)

الموحدین

اسلامی لائبریری

شریعتِ اسلامیۃ کی روشنی میں

انٹیلی جنس اور فوج کے افراد

وافسروں کا ''حکم''

جمع وترتیب:

فارس آل شویل الزھرانی(اَبُوْجَنْدَلْ الْاَزْدِی)

(اللہ انہیں طاغوت کی جیل سے رہائی عطاء فرمائے۔آمین)

انٹرنیٹ ایڈیشن:

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

http://www.muwahideen.co.nr

حقوقِ طبع تمام مسلمانوں کے لیے محفوظ ہیں!!

☆ اس کتاب کا حق ہے اس کا مطالعہ کیجیے!!

☆ دوسروں کو مطالعہ کے لیے دیجیے!!

☆ انٹرنیٹ پر دوستوں کو ای میل کیجیے!!

☆ اپنے قریبی فوجیوں، پولیس اور تھانوں میں پہنچایئے!!

☆ اس کے کاپی پرنٹ لیکر تقسیم کیجیے!!

☆ بیرون ممالک اردو جاننے والوں کو پہنچایئے!!

☆ ان طریقوں پر عمل پیرا ہو کے کتاب کو بڑے پیمانے پر پھیلایا جاسکتا ہے۔

☆ اسکی قیمت ہے.....

اگر آپ حق کو سمجھ گئے ہیں تو اپنی ذمہ داری کو ادا کیجیے اور طاغوت کے خلاف توحید و خلافت کے قیام کے لیے خروج کیجیے!!

اللہ ہم سب کا حامی ناصر ہو

(وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَايَعْلَمُوْنَ)

اور اللہ اپنے امر میں غالب ہے لیکن اکثر لوگ اس بات کو نہیں جانتے

فہرست

☆ مقدمہ 3

☆ مسلمان ممالک کی افواج کی حقیقت 18

☆ کتاب وسنت واجماعِ اہل علم میں ان کا حکم 32

☆ مسائل اور اہم تنبیہات 52

☆ انٹیلی جنس والوں کا گھروں پر دھاوا بولنا 52

☆ مسئلہ ''موانع کی وضاحت'' 61

☆ وہ اعتراضات وشبہات جو پھیلائے جاتے ہیں اور ان کا رد 64

مجاہدین کے لیے وصیتیں

☆ مجرد خوبصورت افکار اور حقیقتِ واقعہ میں فرق کریں 89

☆ مرتدین کے ساتھ قتال کا حکم اصل کفار کے ساتھ قتال سے بھی شدید تر ہے 97

☆ مسلمان مجاہد خود کو تسلیم نہ کرے اور ''خفیہ رہنے کی دعوت'' 106

☆ خلاصہ وخاتمہ البحث 113

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عَلَى اللهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ حَسْبِي وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

مقدمہ

((اِنَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَ نَسْتَعِيْنُهٗ، وَ نَسْتَغْفِرُهٗ، وَنَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا ـ مَنْ يَهْدِهِ اللهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَ مَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ـ وَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ حْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ ـ قَالَ تَعَالٰى :

﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَ لَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ﴾(آل عمران)﴿يٰاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً وَ اتَّقُوا اللهَ الَّذِيْ تَسَآءَ لُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ اِنَّ اللهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا﴾ (النِّساء)وَقَالَ تَعَالٰى:﴿ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ،يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَ مَنْ يُّطِعِ اللهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا﴾(الاحزاب)امابعد.

فَاِنَّ اَصْدَقَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ(صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) وَ شَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ۔اِهْدِنَا لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ ، اِنَّكَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

ماہِ رمضان کی اس صبح کو میں جزیرہ عربیہ میں طاغوت حکمرانوں،ان کی فوجوں،انٹیلی جنس،پولیس اور دیگر اداروں کے ساتھ نوجوان مجاہدین کے کشیدہ حالات کے متعلق سوچنے لگا تو میں نے دیکھا کہ مسئلہ ہر منہجِ توحید وحق کے حامل صاحبِ بصیرت کے لیے واضح ہے۔لیکن بہت سے لوگوں کے ہاں اصل مسئلہ ''کم عقلوں'' کا ہے۔

جیسے کہ صاحبِ کتاب (اعمال تخرج صاحبهامن الملة)صفحہ 6-7پر لکھتے ہیں ''لیکن جس چیز نے اس مٹی کو مزید بنجر بنایا،رسوائی کی خلیج کو وسیع کیا اور انحراف کو اور زیادہ کیا وہ شدید ترین

ارجائی حملہ ہے جو ہر طرف پھیل گیا ہے۔ پھر اس حملہ میں طاغوتی نظاموں کی تمام طاقتیں مرجئہ کے ہمراہ ہیں اور وہ انہیں ہر طرح کی مادی و معنوی امداد فراہم کرتے ہیں۔ کیونکہ طواغیت خود اس خبیث دعوت سے بدرجہ اولیٰ مستفید ہو رہے ہیں اور ان کے لیے یہی کافی ہے کہ ایمان کے منافی تمام اعمال کے باوجود یہ دعوت ان کے قبیح نظام کو شرعی لبادہ اوڑھا رہی ہے۔ اس دعوت کا مطمع نظر یہ ہے طواغیت اور ان کے نظام کی اتباع کی جائے اور کسی معاملہ میں ان کی حکم عدولی نہ کی جائے ''۔

یہ شدید ترین ارجائی حملہ جس نے لوگوں کے سامنے ایمان کی یہ تصویر کشی کی ہے کہ ایمان کے لیے صرف ''تصدیق'' کافی ہے یا یہ کہ جس کا وقار دل میں ہو، چاہے عمل اس کی تصدیق نہ کرے۔ ان (مُرْجِئَۃ) میں سب سے اچھی حالت اس کی ہے جس نے ''زبان کے اقرار'' کی شرط عائد کر دی اور جس نے اس کے ساتھ عمل کا اضافہ کیا بھی ہے تو اسے کمال ایمان کا زینہ قرار دیا۔ پس عمل کا موجود ہونا یا نہ ہونا ایمان کے اثبات و نفی پر کوئی اثر نہیں ڈالتا۔ تمام لوگ ان کے نزدیک مومن ہیں اور اہلِ جنت میں سے ہیں چاہے وہ کوئی بھی طاعات و ایمان کے عمل نہ بجالائیں یا وہ کس قدر ہی ملت سے خارج کر دینے والے اعمال کے مرتکب کیوں نہ ہوں۔

''پاکستان میں یہ کام جمعیتِ اہلِ حدیث اور جماعت الدعوۃ، سعودی و پاکستانی طاغوتوں کے لیے بطریقِ احسن سرانجام دے رہی ہیں۔ تحریر و تقریر کے ساتھ جہاں بھی انہیں موقع ملے وہ اپنے خبثِ باطن کا اظہار کر کے انٹیلی جنس والوں اور طواغیت سے داد وصول کرتے ہیں۔ ان جماعتوں کے افراد صحیح عقیدہ کے حامل نوجوانوں کو خارجی اور دہشت گرد کہتے نہیں تھکتے اور ملکی و سعودی طاغوتوں کو ''یوم الوطنی'' کے دن مبارکبادی پیغام بھیجتے ہیں تاکہ طاغوت راضی ہو جائے اور ہم پہ ریالوں کی بارش ہوتی رہے۔ پاکستان کے مدارس میں بیٹھے ''علماء'' کو یہی بات حق بات کہنے میں آڑھے آتی ہے کہ اگر وہ حق کہہ دیں تو طاغوت سے ان کی روزی بند ہو جائے گی ''۔

ابھی تک بہت سی جماعتیں اور یونیورسٹیاں یہی سبق پڑھا رہی ہیں کہ ایمان صرف ''تصدیقِ جازم'' سے عبارت ہے۔ پس جس نے بھی تصدیقِ جازم کر دی وہ مومن ہے اور اہلِ جنت میں سے ہے

چاہے وہ بالکل اعمال وطاعات کو نہ بجالائے اور اس کا ظاہر کس قدر ہی دین کے احکام و قیود سے خارج کیوں نہ ہو۔

بہت سے لوگوں میں یہ خبیث و گمراہ مذہب رائج ہو گیا اور نفوسِ امارہ کو یہ منہج بہت پسند آیا۔ کیونکہ اس سے ان کی خواہشوں، کمزوریوں اور سستی و ترک عمل کو راہ مل گئی اور انہیں شریعت کے اندر رخصتیں، عذر اور قیود سے چھٹکارہ مل گیا۔ اس دعوت کے ساتھ ایسے لوگوں کو شرعی بہانے اور حیلے مل گئے کہ جن کے ساتھ شریعت کی پابندیوں کو پسِ پشت ڈال دیا گیا۔

لیکن برائی نے ترکِ عمل پر ہی اکتفاء نہیں کیا بلکہ اس کے سبب اختلاطِ انساب اور حقوق وواجبات کا ضیاع بھی وجود میں آگیا۔ آج کتنی ہی نوجوان مسلم موحّدۃ لڑکیاں کسی کافر و مرتد سے نکاح کرتی ہیں اور پھر ان سے اس چھتری تلے انکی اولاد پیدا ہوتی ہے کہ عمل ایمان کا حصہ اور ایمان کے صحیح ہونے کی شرط نہیں ہے۔ اس لیے ایسے کسی خبیث مرتد سے نکاح کرنے میں اور اس کی ولایت میں رہنے میں کوئی حرج نہیں۔

میں بھائی عزیز العمری کے ساتھ جدہ شہر میں پیش آنے والے واقعہ سے بہت حیران ہوا جب اس کا سامنا طاغوت کے دم چھلوں سے ہوا اور اس نے لڑائی کی جس میں وہ قتل وزخمی ہوئے جنہوں نے ہونا تھا پھر اس کے بعد وہ فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا اور مجھے خبر ملی ہے کہ وہ اب بھی آزاد ہے۔ لیکن مجھے لکیر کے فقیر لوگوں پر حیرت ہوتی ہے کہ انہوں نے اپنا سارا غصہ اس مظلوم بھائی کے اوپر نکالا اور آل سعود کے نجس طاغوتوں کے متعلق ایک کلمہ بھی نہ کہا۔

لیکن یہ طوفان کیسے تھمے گا جب کہ اب تو یہ جنگ افق کی بلندیوں کو چھونے لگی ہے اور ہر روز نوجوانوں کے لیے خطرہ بڑھ رہا ہے کیونکہ نایف اور اس کے امریکی باپ مجاہدین وعلمائے صادقین کو انفرادی جیلوں میں قتل کرنے کے منصوبے بنا رہے ہیں۔ لیکن کیا انہیں علم نہیں کہ نوجوان مجاہدین مسلح

ہو چکے ہیں اور آپس میں وصیتیں کر چکے ہیں اور یہ دعوت ان کے درمیان پھیل گئی ہے۔ یہ رہا ریاض کا وہ مسئلہ جو میری بیان کردہ اس حقیقت کو اور واضح کر رہا ہے۔

حرکۃ الاسلامیہ للاصلاح نے اپنے بیان نمبر 341 میں کہا.....

میڈیا کے ذرائع نے پچھلی شام کو ریاض شہر کے محلہ حی الشفاء میں ہونے والے اس معرکہ کی خبر نشر کی جو سعودی سکیورٹی فورسز اور پچاس کے قریب جہادی اشخاص کے درمیان ہوا۔ جس میں سکیورٹی فورسز کے آٹھ افراد زخمی ہوئے اور ایک مجاہد بھائی گرفتار ہوا جبکہ باقی تمام بھاگنے اور چھپنے میں کامیاب ہو گئے۔ لیکن یہ حادثہ جیسے وقوع پذیر ہوا اور حکومت نے اس کو کیسے لیا اور کیسے نایف نے تحریک کے اعلان کے بعد اس کے تفصیلی جائزہ کی دعوت دی، اسکی تفصیل کچھ یوں ہے .....

یہ حادثہ 16 نومبر کی صبح کو پیش آیا جب سکیورٹی فورسز کو ایک جگہ اجتماع کی خبر ملی تو انہوں نے فوراً اس جگہ کا محاصرہ کر لیا۔ لیکن وہ دیکھ کے حیر ان ہوئے ایک بڑی تعداد نے اسلحہ اٹھا رکھا ہے اور مجاہد بھائیوں نے اس دوران سکیورٹی فورسز کے ایک فرد کو یرغمال بنالیا اور باقی فورسز سے کہا کہ وہ وہاں سے ہٹ جائیں۔ جس پر واقعۃً سکیورٹی فورسز ہٹ گئیں اور اور بھائی امن کے ساتھ وہاں سے نکل گئے اور اس کے بعد یرغمالی کو چھوڑ دیا گیا۔ لیکن جب یرغمالی کو چھوڑا گیا تو سکیورٹی فورسز دوبارہ آ گئیں اور انہوں نے بھاگنے والوں کو پکڑنے کی کوشش کی جس پر شدید معرکہ برپا ہوا جس میں آٹھ سکیورٹی فورسز کے دم چھلے شدید زخمی ہوئے جبکہ مجاہد بھائیوں میں سے ایک زخمی جو بھاگ نہ سکا گرفتار ہو گیا۔ اس کے بعد فوج نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کر دی اور تاحال معلوم نہیں ہوا کہ کوئی گرفتار ہوا ہو۔ جب کہ حرکۃ کو یہ اطلاع مل گئی کہ فوج کے دو زخمی چل بسے اور ایک خطرے کی حالت میں ہے۔

یہ حادثہ یونہی پیش نہیں آیا بلکہ سکیورٹی کے ادارے اس بات کی تائید کرتے ہیں کہ جہادی گروہ میں گرفتاری کے مقابل اسلحہ کے استعمال کا رجحان بڑھ رہا ہے اور یہ کہ اس قسم کے حادثے اس سے قبل جدۃ، مکہ اور مملکت کے دوسرے شہروں میں بھی پیش آ چکے ہیں۔ ان واقعات میں انٹیلی جنس کے افراد پر جو

انہیں گرفتار کرنے کے لیے آئے تھے فائرنگ کی گئی اور مطلوب لوگ بھاگنے میں کامیاب ہو گئے۔اسی طرح انٹیلی جنس کے افراد سے انتقام کے واقعات بھی ریکارڈ کیے گئے ہیں جو جہادی شخصیات کو ٹارچر کرنے میں ملوث تھے۔اب یہ رجحان زور پکڑنے لگا ہے کہ جب کوئی فوجی کسی سے شناختی کارڈ مانگے یا تفتیش کرے تو اس پر بندوق تان لی جاتی ہے لیکن اسلحہ کی نمائش و تجارت کا یہ رجحان معاشرے کے دین دار اور جہادیوں کے علاوہ تمام طبقات میں پایا جاتا ہے۔معاشرے کے اندر یہ تبدیلی ہماری رائے میں ذیل کے عوامل کے باعث رونما ہوئی ہے۔

(۱)..... حکومت کا اپنے موافق شرعی حکم تلاش کرنا جبکہ لوگ اس سے قبل اس کی اطاعت کرتے تھے اور امن امان کسی کو بھی اہلِ مناصب کے خلاف ہتھیار اٹھانے پر مجبور نہ کرتا تھا۔اس دائرۂ شریعت کے ٹوٹنے کا سبب یہ ہے کہ جمہور عوام یہ سمجھنے لگے ہیں کہ علماء محض سرکاری ملازم ہیں اور سیاسی معاملات میں ان کے موقف حکومت کے املا کردہ ہوتے ہیں۔

(۲)..... شرعی دینی حکم سے صرف نظر کرتے ہوئے بحیثیتِ عمومی حکومتی نظام کی ہیبت لوگوں کے اذہان میں نہیں رہی۔اس کی دلیل یہ ہے کہ اس قسم کے جرائم بہت خطرناک حد تک پھیل گئے ہیں یہاں تک کہ بعض مجرمین عام علاقوں میں امن کے افراد کو مارنے پر فخر کرتے ہیں اور اس قسم کے کئی واقعات ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ہمیں یہ معلومات بھی ملی ہیں کہ جمہور عوام کی نظر میں سکیورٹی فورسز کے افراد کی کوئی حیثیت نہیں رہ گئی اور ان کے اوپر اسلحہ تان لینا معمولی کام سمجھا جاتا ہے۔

(۳)..... یہ بات سامنے آئی ہے کہ سعودی نظام حکومت میں جہادی اشخاص کی پکڑ دھکڑ نظامِ امن کی حفاظت کے لیے نہیں بلکہ امریکہ کے حکم کی تنفیذ میں کی جاتی ہے۔اس لیے جہادی نوجوانوں میں یہ سوچ پروان چڑھ رہی ہے کہ خود کو سکیورٹی فورسز کے حوالے کرنے کا مطلب ہے اپنے آپ کو امریکی ''ارادے'' کے حوالے کرنا۔امریکہ کے خلاف بغض عام ہونے کے سبب اور اس کے خلاف لڑائی کرنے کی عوامی رغبت کے سبب جہادی نوجوانوں میں یہ رغبت آئی ہے کہ وہ اپنے آپ کو حوالے کرنے سے انکار کر دیں۔

(۴).....بعض شیوخ کے طرف سے صادر ہونے والے فتاویٰ کو جہادی خفیہ طریقہ سے پھیلا رہے ہیں کہ جس کے باعث وہ اپنے آپ کو حوالے کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ان فتاویٰ میں اہم ترین فتویٰ وہ ہے جو شیخ حمود بن عقلا الشعیبی رحمہ اللہ سے منسوب ہے۔اسی طرح جہادی نوجوانوں اور القاعدہ کے ساتھ ہمدردیاں رکھنے والوں میں یہ باتیں چل رہی ہیں کہ القاعدہ نے اپنے آپ کو فوج کے حوالے نہ کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔لیکن اس کے باوجود سکیورٹی فورسز نے ان کے خلاف کسی بھی قسم کا ایکشن نہیں لیا اور کہا جاتا ہے کہ فوج میں ایسے لوگ موجود ہیں جو بن لادن کی طرف جھکاؤ رکھتے ہیں۔

(۵).....القاعدہ کے منصوبوں کی معلومات کے باعث عام لوگوں اور مجاہدین میں خصوصاً یہ شعور پایا جاتا ہے کہ علاقہ کا سارا نظام تباہ ہو جائے گا اور یہ کہ موجودہ نظام تباہی و بربادی کی طرف لے جارہا ہے۔اس لیے عوام میں یہ احساس پایا جاتا ہے کہ اس گندے نظام کو کوئی حق نہیں کہ ایسے نوجوانوں کو جیلوں کے اندھیروں میں گم کردے۔

چور دروازوں کے پیچھے وزرا کی سیاست.....

حکومت تباہی کی طرف جارہی ہے اور شرعی لبادے کی تلاش میں ہے لیکن وزیرِ داخلہ ابھی تک تمام صورتِ حال سے آنکھیں چرا رہا ہے۔نوجوانوں کی جرات اور حکومت کے خلاف لڑائی کے باوجود وزارتِ داخلہ آج بھی وہی سیاست کھیل رہی جو آج سے دس سال قبل اس کا وطیرہ تھا۔سیاسی امن کی کوششوں کے لیے وزارت ابھی تک اصلاح کے طلبگار جہادی نوجوانوں کو بنیادی ہدف سمجھتی ہے۔امیر نایف کی اس سوچ کے سبب ادارۃ الامن کے بہت سے لوگوں میں پریشانی پائی جاتی ہے اور انہیں اس بات کا احساس ہونے لگا ہے کہ وہ امریکہ کی خدمت میں اور اپنی ہی قوم کے خلاف کھڑے ہیں۔یا اس کے اندر مصلحت کے ایسے اسباب ہیں کہ سکیورٹی فورسز کے لوگ اپنی زندگی کے خاتمہ پر خوف زدہ ہیں کیونکہ ان کا سامنا ایسے نوجوانوں سے ہے جن کے نزدیک موت کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔اسی طرح فوج کے اندر یہ احساس اجاگر ہو رہا ہے کہ وہ اس نظام کی خدمت میں پہلے والا جوش نہیں دکھاتے۔کیونکہ وہ نظام کے متعلق جانتے ہیں کہ اسے کس قسم کے خطرات اور چیلنجوں کا سامنا ہے۔

امیر نایف خود ٹیلیفون پر بات کرتا ہے!!

امیر نایف آدھی رات کے وقت ٹیلی فون پر صحافیوں کے سوالات کے جوابات دیتا ہے۔ وزارتِ داخلہ خود سے تو کوئی بات بھی نشر نہیں کرنا چاہتی بلکہ اس کے تمام ملازمین کو یہ ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ کوئی بھی معلومات نشر نہ کریں لیکن اس کے باوجود حرکۃ کو بہت ساری معلومات وزارت سے ہی حاصل ہوئیں (والحمدللہ)۔ حیران کن امر یہ ہے کہ نایف کہتا ہے اب کوئی گرفتاریاں اور کوئی واقعات رونما نہیں ہو رہے اور اگر ہوتے تو وزارت ضرور ان کا اعلان کر دیتی۔ لیکن نایف یہ بھول گیا کہ وہ خود حرکۃ کے رد میں بیان جاری کر رہا ہے۔ یہ بات بھی معروف ہے کہ وزارت اس وقت تک کوئی بیان صادر نہیں کرتی جب تک دوسری طرف سے کوئی بیان سامنے نہ آئے۔ 1414 ہجری میں ازمہ بریدہ جیسے بڑے واقعہ میں بھی وزارت کی اسے نشر کرنے کی کوئی نیت نہ تھی لیکن آدھی رات کے وقت mbc چینل نے اس سے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے اس سے پوچھا کہ کیا یہ خبر جھوٹی ہے۔

''اسی طرح پاکستان میں وزارتِ داخلہ کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ مجاہدین چاہے آئی ایس آئی کو حمزہ کیمپ میں ضرب لگائیں، چاہے تربیلا ڈیم میں جامعہ حفصہ میں آپریشن کرنے والی SSG کی یونٹ کو ضرب لگائیں، یا ائیر فورس کے افراد کو ضرب لگائیں جو قبائلی علاقوں میں معصوم مسلمانوں پر بمباریاں کرتے ہیں.....اس سب کچھ کو بیرونی ہاتھوں، ملک دشمن عناصر اور بیرونی انٹیلی جنس موساد، را اور سی آئی اے کے کھاتے ڈال دیا جاتا ہے۔ تاکہ عوام یہ بالکل نہ جان سکیں کہ اس کا اصل محرک کیا ہے اور معاشرے کے اندر لوگ انہیں کس نظر سے دیکھتے ہیں''۔

اس لیے میں یہ مختصر بحث پیش کر رہا ہوں تاکہ نوجوان علمائے سلف کے درمیان متفقہ، اس مفسد دشمن کا سامنا کرنے میں بالکل تردد نہ کریں۔ اس بحث کے پیش کرنے کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ اس موضوع پر لکھنے والے لوگوں کی کمی ہے۔ اس کا سبب سکیورٹی، سیاسی یا وہ فکری اسباب ہیں جو آل سعود کے مشائخ نے پھیلا رکھے ہیں یا پھر وہ بیمار تربیت ہے جس پر کہ ہم پروان چڑھے ہیں۔

یہاں تک کہ اس فتنہ میں لوگوں کی حالت یہ ہو گئی ہے کہ کوئی آدمی پوچھے جانے پر ہر نظام کے متعلق بات کرے گا مگر آل سعود کے متعلق کچھ نہیں کہے گا۔ وہ ہر فوج کا حکم بتائے گا مگر آلِ سعود کے فوجیوں کے بارے میں کچھ نہ کہے گا۔ مثلاً آپ کسی سے پوچھیں کہ پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیوں کا کیا حکم ہے وہ پوری سہولت کے ساتھ کہے گا کہ کافر ہیں۔ پھر آپ اس سے پرویز مشرف کے بارے میں پوچھیں تو وہ پوری تندہی سے جواب دے گا کہ وہ کافر ہے۔ لیکن جب اسے آل سعود کی انٹیلی جنس کے متعلق پوچھا جائے جو وہی کام سرانجام دے رہی ہیں تو وہ ہزار بار ''نہ'' کہ دے گا۔ اس کا سبب صرف یہ ہے کہ نوجوان ''توحیدِ خالص'' سے بہت دور ہیں اور ''سعودی اسلام'' کے پیروکار ہیں جسے ''مزعومہ سلفیت'' کے نام پر پھیلایا جارہا ہے۔

صاحبِ مقالہ (بین منهجین) ابو قتادہ الفلسطینی (فک اللہ اسرہ) کہتے ہیں میرے ساتھ بعض ''زیرک ودانا'' لوگوں نے بحث کرتے ہوئے پوچھا ''وہ سلفی مزعوم'' جس کا آپ نے اپنے مقالہ میں ذکر کیا ہے، کیا کوئی سلفی مزعوم اور دوسرا غیر مزعوم بھی ہے اور کیا سلفیت کوئی حقیقت بھی رکھتی ہے؟۔

یہ سوال اپنا ہدف حاصل کرنے میں صاحبِ سوال کے مکر ومراد کی طرف دلالت کرتا ہے اور آپ پر وہ مسکراہٹ واضح کرتا ہے جو اس کے چہرے پر ظاہر ہوئی۔ اس قسم کے سوال آپ کو مجبور کرتے ہیں کہ آپ ان عمومی اشیاء کو چھوڑ دیں جو نہ کسی کے ٹیڑھ پن کو دور کریں اور نہ ہی کسی بیمار کو شفا دیں۔ لیکن اس بھائی نے مجھے اس وہم میں مبتلا کر دیا کہ یہ سوال لوگوں کے د رمیان گردش کرے گا بلکہ بعد میں حقیقتاً ایسا ہی ہوا۔ اس لیے مجھ پر لازم تھا کہ بغیر چھپائے صراحت کے ساتھ اس کا جواب دوں۔

میں اللہ کا شکر گزار ہوں جس کی توفیق سے مجھے ''الانصار'' کا مجلہ میسر آگیا جو کم ہی میرا کوئی مقالہ رد کرتا ہے خصوصاً ایسے مقالہ جات جو اس ''کارڈ'' کو پھاڑ دیتے ہیں۔ یہ عام محاورہ بھی ہے کہ (ان صاحب الحق لا یبقیٰ لہ صاحب) حق والے کا کوئی ساتھی نہیں ہوتا۔

قبل اس کے کہ میں مزعومہ سلفیت کا پردہ چاک کروں مجھ پر واجب ہے کہ میں سلفیت کی تعریف بھی بیان کروں جو اس کی حقیقت ایسے بیان کرے کہ اس میں کچھ بھی چھپا یا نہ جائے۔ سلفیت ایک ''شعار'' ہے اور باقی شعارات کی طرح یہ بھی فنی اقسام کی وضاحت کا محتاج ہے۔ کیونکہ اس میں زندگی کے وہ عوامل بھی داخل ہو جاتے ہیں جو اس کی حقیقت کو بدنما بنا دیتے ہیں۔ اس لیے کہ اسلام کی عزت کے وقت اس کے اندر اہل نفاق وزندقہ اور اہلِ بدعت داخل ہو گئے تو اس سے اسلام کی صورت بالکل خراب نہیں ہوئی اور اسلام ایسا نام ہے جسے اللہ نے زمانوں سے اپنے بندوں کے لیے پسند کیا ہے۔ تو پھر سلفیت کا نام تو محض ایک شعار ہے اور اس میں شک نہیں کہ بعض اوقات کچھ اقوام اپنے دنیاوی مقاصد کے حصول، اپنی خواہشوں کے پورا کرنے اور اپنے امراض کی شفا کے لیے اس کو اپنا لیتی ہیں۔ پھر اس شعار کے ساتھ وہ ہر قبیح کام کرنے، ہر رذیل کو اپنانے اور ہر معصیت کے ارتکاب کا حق حاصل کر لیتی ہیں۔

پھر اس شعار سے اور بھی ''عظیم'' برکات حاصل ہوتی ہیں جن کے ساتھ گردنیں اڑائی جاتی ہیں..... اور وہ یہ فوجِ جرار ہے، سلفیت کے شعار کے پیروکار جو ہر وقت حق و باطل کے ساتھ اس کا دفاع کرتے نظر آتے ہیں .....''فلاں کا عقیدہ صحیح ہے''۔ اس جتھے کے اصحاب نیک نیتوں والے ہیں، عقلوں سے خالی ہیں، ان کا عمل ہمیشہ سلفی مزعوم وغیر مزعوم کا دفاع کرنے میں ہوتا ہے۔ کوئی بھی جو اس شعار پر تنقید کرتا نظر آئے اس کی راہ روکتے ہیں اور جو اس پر راضی نہیں اس پر الزامات کی بوچھاڑ کر دیتے ہیں۔ یہ مشہور الزامات ہیں .....''یہ آدمی علماء کا احترام نہیں کرتا !.....یہ آدمی غلو کرتا ہے !.....یہ آدمی سلفی نہیں ہے''۔ ان الزامات کی سیاہ فہرست بہت طویل ہے جنہیں انہوں نے شیطان کے کلام سے اخذ کیا ہے (عیاذاً باللہ)۔

ہمارے زمانے میں ان الزامات سے بچنے والے لوگوں کی تعداد بہت قلیل ہے اور وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنی عقلوں کو تقلید کی رسی کے ساتھ باندھ لیا ہے اور اصحابِ بخششِ وسیع کے ساتھ منسلک ہو گئے ہیں۔ بعض نوجوان ان شنیع الزامات کو دیکھ کے بہت حیران ہوتے ہیں لیکن مسلمان قاری کے لیے کچھ ایسی باتیں ذکر کرنا کافی ہے تاکہ اسے اندرونی حقیقت کا اندازہ ہو۔

وہ ملک جہاں لوگ ''سلفیت'' کے شعار کو استعمال کرنے میں ماہر ہو گئے ہیں اور انہوں نے اپنے ''کفر'' کو اس شعار کے ساتھ ڈھانپ رکھا ہے . وہ ملک ہے ''سعودیہ'' اور اس ملک کے کافر ہونے پر وہی شک کرے گا جس کی بصیرت و عقل کو اللہ نے اندھا کر دیا ہو۔ یہ ملک اس شعار کو بلند کر کے اپنا دفاع کرتا ہے اور جاہل انسانوں کے سامنے اپنے آپ کو بری الذمہ قرار دیتا ہے۔

میں آپ کے سامنے ان کے بعض اوصاف اور نام ذکر کرتا ہوں.....

(۱) یورپ کے ایک دارالحکومت برطانیہ میں ایک جمعیت ہے جسکا نام ہے ''جمعیۃ احیاء کتاب و سنت''.....یہ اپنے زعم و دعویٰ میں ایک سلفی جمعیت ہے اور اس کے اکثر افراد عجمی ہیں اور اس کی قیادت کے اکثر لوگ سعودی یونیورسٹیوں سے ''فارغ'' التحصیل ہیں۔ یہ جماعت ایسے کسی شخص کو اپنا دوست و حبیب نہیں بنا سکتی جو دنیا کی اکلوتی مملکتِ توحید پر جرح کرے۔ تمام گناہ بخشے جا سکتے ہیں لیکن سعودیہ کی محبت کے مقابلہ میں کوئی بات قبول نہیں۔ ہاں یہ سلفی ہیں لیکن ان کی سلفیت ہے (سلفیت + تنخواہ)۔ اس قسم کی جمعیتیں عالم اسلام میں بہت زیادہ تعداد میں پھیلی ہوئی ہیں۔ خصوصاً عجمی ممالک میں جیسے ''جمعیتِ اہلحدیث پاکستان'' اور اس کی متعدد شاخیں .....یہ حقیقت میں جمعیتِ اہل حدیث ہی ہے لیکن اہلِ ''حدیثِ موضوع'' نہ کہ ''حدیثِ صحیح''۔

(۲) سعودیہ میں لیبیا سے آئی ایک مہاجر قوم ہے اور وہ ایک مزعوم سلفی ڈاکٹر ربیع المدخلی کے شاگرد ہیں۔ یہ قوم آل سعود کی آلِ سعود سے بھی زیادہ وفادار ہے یہاں تک ان کی قبیح وفاداری اس حد تک پہنچ جاتی کہ وہ پولیس کو جا کر بعض نوجوانوں کے متعلق خبر دیتے ہیں جو سعودیہ میں غیر قانونی طور پر داخل ہوئے یا یہ کہ انہوں نے ''امام'' کی طرف سے صادر ہونے والے ''اقامہ'' کے بغیر اقامت اختیار کی ہو۔ پس ان کی مخبری پہ ان نوجوانوں کو پکڑ کے باہر پھینک دیا گیا۔ ہاں یہ بھی سلفی ہی ہیں اور خدمت بھی سلفیوں کی ہی کر رہے ہیں اور ان کا نام ہے (سلفیہ + خدمت گذاری)۔

اس کے بعد شیخ نے کتاب ''الکواشف الجلیہ'' کا ذکر کیا اور کہا کہ اس طرح کی تصویریں جُعْبَہ (تھیلا) میں بہت زیادہ ہیں جو ہم سے مطالبہ کرتی ہیں کہ حقیقی تصویر کا رخ سامنے لیکر آئیں۔

تفصیل اس باب کی یہ ہے کہ جیسے کہ شیخ ابو قتادہ نے اپنے مقالہ بعنوان بین منھجین میں مقالہ نمبر نو میں ذکر کیا کہ ایک موحد نوجوان یعنی شیخ ابو محمد عاصم المقدسی حفظہ اللہ نے ایک کتاب لکھی جس کا نام انہوں نے (الکواشف الجلیہ فی کفر دولۃ السعودیۃ) رکھا۔ یہ کتاب انہوں نے 1410 ہجری میں لکھی جب کہ ان کی عمر اس وقت تقریباً 32 سال تھی (واللہ اعلم)۔ بعض مجاہد بھائیوں کی کوششوں سے یہ کتاب ارضِ جزیرہ میں داخل ہو گئی اور لوگوں میں پھیل گئی۔ بعض ذہین ساتھیوں نے اس کتاب کو کسی اہلِ علم شیخ کو بطورِ ہدیہ پیش کرنے کی ٹھان لی تاکہ اگر ان کے کوئی ملاحظات ہیں تو اس سے وہ بھی مستفید ہو جائیں گے۔ وہ بھائی کہتے ہیں کہ میں شیخ کی مجلس میں داخل ہوا اور شیخ کو یہ کتاب ہدیہ کی تو اس کا عنوان دیکھتے ہی شیخ سیخ پا ہو گئے اور لعن طعن کرنے لگے اور سخت غصہ ہو گئے اور پھر ٹیلیفون کی طرف یہ کہتے ہوئے بڑھے کہ میں ابھی وزارتِ داخلہ سے رابطہ کرتا ہوں اور وزیر کو خبر کرتا ہوں کہ اس کتاب کا خاتمہ کرے۔ لوگ کھڑے ہوئے اور انہوں نے شیخ کو ٹھنڈا کیا۔ جس پر شیخ اپنی جگہ پر آبیٹھے اور کہنے لگے جو کوئی تم میں سے اس کتاب کے لکھنے والے کو جانتا ہے اسے خبر دیدے کہ میں اس پر کافر ہونے کا حکم لگاتا ہوں اور اسے کہہ دیں کہ اس کتاب کو تالیف کر کے تو اللہ العظیم کے ساتھ کفر کا مرتکب ٹھہرا ہے۔ لوگوں کے سر چکرا گئے لیکن اس دوران ایک حوصلہ مند نوجوان نے ہمت کی اور شیخ کو کہا اور دنیا کو بھی اپنے سوال کے ذریعے خبر دی ''اے شیخ کیا آپ نے کتاب پڑھی بھی ہے؟'' شیخ نے کہا نہیں اور نہ ہی میں اسے پڑھنا چاہتا ہوں اور حکایت تمام ہوئی۔ ہاں یہ سلفیت ہے لیکن اس سلفیت نے ایمان کے اندر ایک نئی شرط کا اضافہ کیا ہے اور وہ یہ کہ ہر سلفی پر بھی ایمان لایا جائے چاہے وہ کافر ہی کیوں نہ ہو۔ چاہے ایسا سلفی آل سعود میں سے ہی کیوں نہ ہو کیونکہ آل سعود صحیح عقیدہ والے ہیں!!!۔

یہ وہ فکری واعتقادی مصائب ہیں جن کے درمیان داخلی وخارجی دشمن کے مقابل تفرق کے اس دور میں اسلام کے لیے کام کرنے والی جماعتیں رہ رہی ہیں!!!

''مصیبت یہ ہے کہ خارجی دشمن کے ساتھ پوری قوت وحماس کے ساتھ جہاد کیا جائے جبکہ داخلی دشمن چاہے اس کا کفر کس قدر شدید کیوں نہ ہو اس کے خلاف جہاد کرنا جائز نہیں بلکہ اس کے خلاف جہاد کے بارے سوچنا ہی دشمنی اور جرم ہے۔ پس وہ اس کے لیے تیار نہیں کہ ایک شامی شامی کے خلاف اور مصری، مصری کے خلاف، ایک فلسطینی فلسطینی کے خلاف اور ایک سعودی سعودی کے خلاف قتال کرے چاہے ان کے ان ناموں کا ہم کس قدر ہی انکار کریں اور چاہے ان کا کفر یہود ونصاریٰ سے بھی بڑھ کر ہو اور ملکوں اور باشندوں پر ان کا شر یہود ونصاریٰ کے شر سے بھی زیادہ ہو؟!۔

یہ بہت بڑی مشکل ہے جو عقیدۂ توحید کو مس کرتی ہے۔ اس کا حل کیا جانا ضروری ہے تاکہ امت اپنی نیند سے بیدار ہو اور حقوق حقیقی اہل افراد کے حوالے ہوں!!

یہ بھی حقیقت ہے جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس زمانے میں دین کے لیے کام کرنے والے لوگوں کی اکثریت نے اس دین کی طبیعت وحقیقت کو نہیں سمجھا باجود اس کے کہ وہ بیداری وواجبات کی ادائیگی میں لگے ہیں۔

سلفیت حقیقت میں کیا ہے.....

تاریخ کے دائرے سلفیت دو جہتوں میں واضح ہوتی ہے!

(۱)..... تحرکِ زندگانی کے مطلوب حکم کے لیے کتاب وسنت کے ساتھ تعامل میں یہ ایک علمی منہج ہے جس میں صرف ان دو بنیادوں پر ہی اعتماد کیا جاتا ہے اور ان دونوں کے علاوہ جو کچھ ہو اسے رد کیا جاتا ہے۔

(۲) یہ ایک تحریک وسلوک ہے اس منہج کی تطبیق کے راستے میں۔

سلفیت دراصل اس منہج کا نام ہے جس پر پہلے ادوار میں اصحاب رسول اللہ ''علم وعمل'' کے ساتھ گامزن تھے۔ یہ ہے اصل سلفیت اور ایسا ہی اسے ہونا چاہیے۔ اللہ کی رحمت کے ساتھ اس علمی وعملی منہج

کے لیے ایسے لوگ کھڑے ہوئے جنہوں نے اس کے ساتھ تعامل ہر طرح کے حالات میں قائم رکھا یہاں تک وہ خود منہج کی تصویرِ مجسم بن گئے۔ تب ان کی شخصیت کے ساتھ اس منہج کا نام لگ گیا اور سلف ہونے کے باعث منہج کے نام کا اطلاق ان پر (قدراً وزماناً) کیا گیا۔

اسی طرح تابعین نے اصحابِ رسول اللہ کے ساتھ تعامل کیا کہ وہ (منہج+سلف) ہیں اور ان کے بعد والوں نے ان کے ساتھ ایسے ہی تعامل کیا۔ لیکن جب دوسری اور تیسری صدی ہجری میں بدعات کا فروغ ہوا، خاص طور پر اہل کلام کی بدعت جن کا مطمع نظر یہ تھا کہ کتاب اللہ اور سنت کے ساتھ تعامل کے لیے ایک نئی بدعت ایجاد کی جائے۔ تو اہل السنۃ پھر متحرک ہوئے تاکہ اس منہج کو اس کے غیر سے علیحدہ کیا جائے اور اسی طرح سلفی منہج کے اصحاب کا دوسرے منہج کے اصحاب سے ممتاز ہونا ایک اور خصوصیت کا حامل تھا۔ وہ یہ کہ بعض اہلِ علم منہج کے معاملہ میں معروف سمجھے گئے اور انہیں کی طرف دوسروں کے رد کے لیے رجوع کیا جانے لگا۔

امام الکرخی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب (الفصول فی الفصول عن الا ئمۃ الاثنی عشر الفحول) میں لکھا کہ یہ ائمہ ہیں مالک رحمہ اللہ، شافعی رحمہ اللہ، سفیان ثوری رحمہ اللہ، ابن مبارک رحمہ اللہ، لیث بن سعد رحمہ اللہ، اسحق بن راہویہ، احمد بن حنبل، سفیان بن عیینہ، الاوزاعی، محمد بن اسماعیل البخاری، ابوزرعہ اور اور ابوحاتم الرازیان (درء تعارض العقل والنقل لا بن تیمیہ :مجموع فتاویٰ 95-2/98)۔

صرف یہی علماء ہی نہیں بلکہ ان کے علاوہ بھی بہت سے ایسے ہیں جن کی طرف اس منہج کی توضیح کے مسئلہ میں رجوع کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ہم ذیل میں خلاصۂ نتائج پیش کرتے ہیں۔

(۱) ہر شعار کی طرح جس میں نقد و جرح ہو ..... سلفیت میں بھی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ حقائق کے ساتھ تعامل برتا جائے نہ کہ شعارات کے ساتھ جبکہ شعار کی اہمیت وضرورت اپنی جگہ ہے۔

(۲) سلفیت علمی و عملی منہج ہے جس کے ائمہ اصحاب رسول اللہ ہیں اور جو ان کے علا وہ وہ ان کے تابع ہیں پس حق تقویم ورشد صرف صحابہ کی طرف ہی لوٹتا ہے۔

(۳) ہمیں چاہیے کہ غلطیوں اور انحراف کا ادراک کریں ..... کہ بعض لوگوں نے سلفیت کو کسی شخص کے ساتھ خاص کر لیا ہے جسکا فتنہ میں مبتلا ہو جانا بعید نہیں۔ کچھ نے اسے ایک تنظیم و جماعت سمجھ لیا ہے اور ان میں سب سے زیادہ گمراہ وہ ہے جس نے سلفیت کو افراد کے تعلق کی بنیاد بنالیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سلفی ہے کیونکہ یہ فلاں جہت سے معروف ہے یا یہ کہ فلاں کا شاگرد ہے۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ یہ سلفی نہیں ہے کیونکہ اس کے نزدیک غیر معروف ہے۔ یا اس نے اپنی گردن اس جہت کے حوالے نہیں کی تاکہ وہ اسے جانور کی طرح ہانکتے پھریں۔ اسی طرح ہمیں چاہیے کہ ہم اس بندے کے انحراف و غلطی کا بھی ادرارک کریں جس نے سلفیت کو ایک علیحدہ فقہی مذہب بنالیا ہے اور اسی پر دوستی و دشمنی لگاتا ہے۔

كَتَبَهُ لِلْمُجَاهِدِيْن

أبوجندل الازدی

فارس آل شویل الزهرانی

12/9/1423هجری

مسلمان ممالک کی افواج وانٹیلی جنس کی حقیقت

اس سے قبل کہ ہم ان کے متعلق کوئی بات کریں ضروری ہے کہ پہلے ان کے حال کو اچھی طرح جان لیا جائے کہ یہ لوگ کیوں اور کس کی راہ میں یہ ساری قربانیاں دے رہے ہیں .

میں نے ان ملکوں کی افواج کے وصف کے متعلق مطالعہ کیا ہے جنہوں نے دھوکہ دہی اور بہتان کے ساتھ اپنے ملکوں کے نام کے ساتھ ''اسلامی'' کا لیبل لگایا ہوا ہے۔ مجھے اس ضمن میں لکھی گئی ایک بحث بہت بھلی معلوم ہوئی چنانچہ میں اس کی عبارات یہاں نقل کرنا مناسب سمجھوں گا۔

صاحبِ کتاب (مسائل ھامۃ فی بیان حال جیوش الامہ) صفحہ 28 پر لکھتے ہیں قبل اس کے کہ ہم طاغوت حاکموں اور ان کی افواج کا شرعی حکم بیان کریں سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ ہم ان کا حال بیان کریں اور ان کے وہ مقاصد بیان کریں جن کے حصول کے لیے یہ ادارے قائم کیے گئے ہیں۔

صلیبی استعمار مسلمان ممالک سے اس وقت نہیں نکلا جب تک اس نے ان ممالک کے اندر ایسے حکام اور نظام نہیں بنا لیے جن پر وہ راضی ہو اور جو علاقے میں اس کے مفادات کا تحفظ کرتے ہوں۔ اس لیے کوئی بھی حاکم جو بعد میں آئے اس پر لازم ہے کہ امریکہ و مغرب اس سے راضی ہو۔ پس اگر اس کو اپنے بڑوں کی موافقت و رضا مل گئی تو گویا اس نے کرسی تک پہنچنے کا مشکل ترین مرحلہ طے کر لیا ہے۔ اس کے بعد اسے قوم کی مادی، سیاسی اور میڈیائی حمایت حاصل ہو جاتی ہے۔

مثال کے طور پر اردن میں بادشاہ حسین کے بعد اس کے ولی عہد بھائی کو بادشاہ بننا تھا اور لوگ بھی تیس سال تک اسے ولی عہد ہی کہتے رہے لیکن جب حسین کا بیٹا عبداللہ موجودہ حاکم امریکیوں، یہودیوں اور مغربی صلیبیوں کے مفادات کے حصول کے لیے زیادہ موزوں تھا تو اسے منتخب کر لیا گیا اور ولی عہد کو کلیۃً دائرہ حکومت سے نکال باہر کیا گیا۔ یہ بات جاننی چاہیے کہ پہلے کو دستور کے مطابق بھی ولی عہد نہیں بنایا جا سکتا تھا کیونکہ اس کی ماں انگریز ہے۔ لیکن جب ایسے دستور امریکی و صہیونی مفادات کی راہ میں رکاوٹ ہوں تو انہیں اتنی ہی آسانی کے ساتھ بدلا جا سکتا ہے۔

جب دوسرے کو امریکیوں اور صہیونیوں کی خواہش کا پتہ چلا تو اس نے فوراً سرِ تسلیم خم کر دیا اور اس پر کوئی بھی اعتراض نہ کیا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ عالمی سیاست کا کھیل کس کے ہاتھ میں ہے۔ اس لیے ان ممالک میں کسی بھی حاکم پر ان استعماری طاقتوں کی رضامندی کا حصول لازمی ہے۔ پھر اس کے بعد اگر پوری اردنی قوم بھی کہہ دے کہ ہم تجھے حاکم نہیں مانتے تو وہ ایک لمحہ بھر بھی اپنے عسکری آلہ کیساتھ ان کو فنا کرنے میں تردد نہیں کرے گا جو اس نے اسی قسم کے حالات کے لیے تیار کر رکھا ہے۔

حکمران بننے کی شرائط.....

امریکہ اور مغربی صلیبی ممالک کی کسی بھی حاکم کے لیے رضامندی کچھ شرائط کے ساتھ ہے !

(۱) یہ کہ حاکم انہیں عہد وپیمان دے کہ وہ پورے عزم وجزم کے ساتھ ایسے کسی بھی اسلامی عمل کے خلاف کھڑا ہوگا جس کا ہدف امت کی بیداری ہو یا اسلام کا احیا ہو اور یہ کہ وہ ہر قسم کے طریقہ کے ساتھ مقہور اقوام کے درمیان حائل ہو جائے گا اور انہیں اس ہدف کو حاصل کرنے سے روکے گا۔

(۲).....یہ کہ وہ علاقہ میں استعمار کی مصلحتوں کے حصول کی ضمانت دے گا اور ان کی حمایت و پہریداری کرے گا، چاہے ایسا اسے کسی بھی نامناسب عنوان کے تحت مقہور قوم کے خلاف کرنا پڑے۔ مثلاً فنڈ ریزنگ کمپنیاں، مہارتوں اور طاقت کی ضرورت، پٹرول کی تلاش جیسے عنوانات جن کے ذریعہ علاقہ میں استعمار کے مفادات کا تحفظ کیا جاسکے۔

(۳).....یہ کہ وہ اسرائیل کی حکومت کا اور غاصب قابض صہیونیوں کے ساتھ امن کی ضرورت کا اعتراف کرے .....وہ امن جو ایسے حقوق دیتا ہے جیسے ہڈیاں گوشت کے بغیر ہوں اور وہ بھی جو ہم سے غصب کی گئی ہوں۔ اسی لیے ہم تمام عرب حکمرانوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ صہیونیوں کے ساتھ امن کو اسٹریٹیجک ضرورت خیال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کا دوسرا راستہ نہیں۔ چاہے جتنا بھی اسرائیل قتل وقتال کرے اور فلسطینی بھائیوں کی نسل کشی کرے ہمیں امن ہی چاہیے۔

یہ اسٹریٹیجک ضرورت ہے کیونکہ اس کے بغیر وہ اپنے تختوں پر براجمان نہیں رہ سکتے اور اپنی شخصی وذاتی مصلحتوں کو حاصل نہیں کر سکتے جب تک وہ اس ''ضرورت'' کی موافقت نہ کریں۔ یہ حکمران اگر واقعۃً امن کے خواہش مند ہوتے تو سب سے پہلے وہ اپنی قوم کے ساتھ امن قائم کرتے اور اپنی ظالمانہ جیلوں سے آزاد امت کے نوجوانوں کو نکال دیتے، وہ جیل جن میں ہزاروں کی تعداد میں نوجوان اندھیروں میں گم ہیں۔

(۴) یہ کہ وہ جمہوریت کی راہ پر چلیں گے .....یعنی دینِ مغرب پر تاکہ علاقے میں ان کی مصلحتوں کا دفاع کیا جاسکے۔ لیکن جب بھی جمہوریت میں کوئی ایسا نقطہ آجائے جو اوپر مذکور تین نقاط کے خلاف ہو تو فوراً اس کو آمریت میں بدل دیا جائے گا اور اسے امت کے خلاف وحشت وظلم میں تبدیل کر دیا جائے

گا۔ایسا کرنے میں حاکم پر کوئی حرج نہ ہو گا۔ جیسے کہ الجزائر، تیونس، مصر، ترکی اور دوسرے مسلم ممالک میں ہوا۔

یہ وہ اہم شروط ہیں جن پر کہ حاکم کی موافقت ضروری ہے تاکہ اس سے امریکہ اور مغربی ممالک راضی ہو جائیں اور اسکی تائید کریں.....

خلافتِ عثمانیہ کے سقوط سے اب تک حکمران اسی منہج پر گامزن ہیں اور پوری تندہی سے ایسی حکومتیں اور ادارے تشکیل دینے میں مصروف ہیں جو اوپر مذکور ان مصالح کا تحفظ کر سکیں۔ سب سے اہم ادارہ جس کا اہتمام کیا گیا وہ ''عسکری ادارہ'' ہے جس کے ذریعے وہ زمانوں سے پاک طنیت مومن گروہ کو ختم کر رہے ہیں اور ایسی افواج تشکیل دیتے رہتے ہیں جس کے ذریعے وہ امت کے دشمنوں کے بنائے منصوبوں پر چل سکیں۔

وہ فوجیں جو صبح شام طاغوت حاکم کی امن وسلامتی کا پہرہ دیتی ہیں اور داخلی وخارجی ظالم سیاست کا تحفظ کرتی ہیں .....وہ فوجیں جن کا طاغوت کی خدمت، اسکی خواہشوں اور قوانین کے تحفظ کے علاوہ کوئی ہدف ومقصد نہیں۔ان فوجوں سے ہماری مراد فوج، انٹیلی جنس، پولیس اور وزراتِ داخلہ کی انٹیلی جنس ایجنسیاں ہیں۔اس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ ان فوجوں کا انتخاب بہت عجیب تعبیروں، طریقوں اور شرائط کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

فوج میں بھرتی کے اصول.....

☆ یہ کہ ایسا بندہ دیندار نہ ہو اور اس پر دینداری اور اس پر التزام کی علامات نہ ہوں اور نہ ہی اس سے قبل اسکا کوئی مذہبی کردار ہو !۔ بھرتی کے وقت ایجنسیوں کے ذریعے اس بات کی جانچ پڑتال کروائیں گے کہ وہ مذہبی تو نہیں چاہے دوسری طرف وہ دشمن کا جاسوس ہی کیوں نہ ہو۔

☆ یہ کہ ایسے افراد غیر اخلاقی اور ناروا کردار کے مالک ہوں اور انکی زندگی کا کوئی مقصد نہ ہو سوائے اس کے کہ کسی بھی طریقہ سے اپنی نفسانی خواہش کو پورا کیا جائے۔ان کی کوئی گفتگو نہ ہو مگر اس کا موضوع پیٹ، شرمگاہوں اور خواہشوں کے گرد گھومتا ہو۔

☆ یہ کہ ان عناصر کے اندر حاکم کے لیے مطلق وفاداری اور اندھی اطاعت کا عنصر پایا جائے اور وہ احکام کی تنفیذ ہر حال میں کریں چاہے وہ کس قدر ظلم پر مبنی اور امت کی مصالح کے خلاف ہی کیوں نہ ہوں۔وہ حکم کی تنفیذ کریں چاہے ایسا حکم پوری قوم کے قتل وہلاکت کا باعث ہی کیوں نہ ہو .....پس طاغوت کی مرضی ان کے نزدیک قوم وامت سے بھی قیمتی چیز ہے۔

☆ یہ کہ ان کے پاس اس قدر زیادہ وسعتِ ذہنی نہ ہو کہ وہ ان طاغوت اداروں کی حقیقت وغایت کو سمجھنے کی اہلیت رکھتے ہوں۔پس جس قدر فوجی اپنے دین وعقیدہ سے، عالمی سیاست سے اور امت کے خلاف بنائے جانے والے منصوبوں سے جاہل ہو گا اتنا ہی وہ طاغوت کے قریب ہو گا اور اعلیٰ عہدوں کی طرف ترقی کے زینے چڑھے گا۔

☆ یہ کہ ان کا کسی بھی جماعت کے ساتھ تعلق نہ ہو جو طاغوت اور اس کے نظام کے ساتھ مکمل موافقت نہیں رکھتی۔

☆ ان کے اندر حمیت وغیرت نام کی کوئی چیز نہیں ہونی چاہیے یا یہ کہ ان کی طبیعت مہم جو قسم کی نہیں ہونی چاہیے جو کہیں کسی دن انہیں امت کی حرمتوں اور اسکے مقدسات کے دفاع پر مجبور نہ کردے۔تاکہ یہ بات ان کے غصہ اور عام سیاست سے خروج اور طاغوت کی نافرمانی کا سبب نہ بن جائے۔

کوئی بھی فوجی افسر جس کے خلاف اوپر مذکور باتوں سے کوئی بھی بات ثابت ہو جائے تو اس کی سرزنش ومحاسبہ کیا جاتا ہے اور کئی مواقع پر اسے اپنی مخالفت کی کیفیت وکمیت کے مطابق جیل اور حتیٰ کے پھانسی تک کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔اس امر کی وضاحت کے لیے کسی وضاحت ودلیل کی ضرورت نہیں۔

یہ وہ اہم ترین اصول وضوابط ہیں جن کی بنیاد پر افواج میں افراد کو قبول ورد کیا جاتا ہے !!!

ان افواج کی عام صفات !!

اب جبکہ ہم نے افراد وافسروں کے انتخاب کا طریقہ جان لیا لہٰذا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہم ان ''اعلیٰ منتخب شدہ'' افراد کی صفات بھی جان لیں جن کے ساتھ ایسی طاغوتی افوج تشکیل پاتی ہیں۔

یہ افواج اللہ کے نازل کردہ شریعت پر نہیں بلکہ کفر وطغیان کی شریعت پر حکم کرتی ہیں اور اس فوج میں کوئی بھی نماز روزہ اور حج کا التزام نہیں کرتا اور اگر کرتا بھی ہے تو وہ انفرادی طور پر اور ہو سکتا اس ''عمل'' کے باعث اسے فوج میں ''انڈر واچ'' رکھ لیا جائے (کہ اس کے اندر مذہبی رجحان پایا جاتا ہے)۔

ان افواج میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے دین کو گالی دیتے اور اس کے ساتھ مذاق کرتے ہیں اور نبی علیہ السلام کی ذات پر طعن کرتے ہیں اور ان پر کوئی اعتراض بھی نہیں کرتا۔ اگر کوئی ان پر جراءت کر کے کچھ کہہ بھی دے یا طاغوت پر اعتراض کرے تو اسے سخت تعذیب اور جیل کی سلاخوں کا مزا چکھنا پڑتا ہے بلکہ بعض افواج میں تو یہی بات اس کے قتل وپھانسی دیے جانے کے لیے کافی ہے۔

اللہ جل جلالہ کے شعائر کا بالکل احترام نہیں کرتے، نہ ہی اس کے وقار کا خیال کرتے ہیں بلکہ توہین و استہزاء کرتے ہیں اور کتنے ہی ممالک ہیں جن میں مساجد کو ''عجائب گھروں'' میں تبدیل کر دیا گیا ہے جہاں غلیظ وگندے سیاح آتے جاتے ہیں۔ یہ صفات مختلف افواج کے اندر موجود ہیں اور اس میں ساری افواج ایک جیسی نہیں بلکہ کبھی ایک صفت ایک میں تو دوسری کسی دوسری فوج میں پائی جاتی ہے۔ پس ہر فوج دوسری سے کفر وطغیان میں ممیز ہے (ولا حول ولا قوۃ الا باللہ)۔

مسجدِ اقصیٰ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج گاہ پر مگرمچھ کے آنسو ؤں کے ساتھ روتے ہیں اور اسی وقت میں معمولی اسباب پر اللہ کے گھروں مساجد کی حرمتوں کو پامال کرتے ہیں۔اس معاملہ میں بالکل کوئی عار نہیں کھاتے کہ اپنے نجس وپلید جوتوں کے ساتھ مسجدوں میں داخل ہوں۔

مثال کے طور پر شامی افواج نے ''حماہ''شہر کے اندر 100 سے زاید مسجدوں کو ڈھادیا جبکہ ان میں سے بعض عہدِ بنوامیہ کی تاریخی مساجد بھی تھیں۔اس آپریشن میں انہوں نے اپنے عسکری گروہ کے ساتھ ایسا ذبح خانہ قائم کیا جس میں ایک رات میں 20,000 مسلمان عورتوں اور بچوں سمیت قتل کردیے گئے۔ان کا کوئی گناہ نہیں تھا سوائے اس کے کہ وہ کہتے تھے ہمارا رب اللہ ہے۔

''اسی طرح پاکستان جیسے ملک میں دار لحکومت اسلام آباد میں گیارہ مساجد مسمار کردی گئیں اور شہر کی سب سے مشہور لال مسجد پر آہن و بارود کی بارش کردی گئی۔اس قبیح وغلیظ آپریشن میں ایشیا میں خواتین کی سب سے بڑی درسگاہ جامعہ حفصہ پر جہازوں سے بم گرائے گئے اور اسے امت کی 900 عفت مآب بیٹیوں کے قتل کے ساتھ فتح کیا۔پھر اندھے عوام وحکمران جو انڈیا میں بابری مسجد کے انہدام پر تو اعتراض اور مظاہرے کرتے نہیں تھکتے لیکن اپنے ہی ملک میں اس وحشت ناک ظلم پر چپ سادھ لیتے ہیں''۔

ان افواج کے اندر اصلی کفار جیسے کہ عیسائی وغیرہ،اصلی سے بھی بدتر کافر مرتدین،زندیق وملحدین اور بہت سے فاسق ومجرم لوگ موجود ہیں۔وہ اس فوج میں کسی فاسق ومومن میں فرق نہیں کرتے بلکہ طاغوت کی اطاعت میں سب کے سب برابر ہیں بلکہ کافر مجرم ان کی نظر میں مومن پر مقدم ہے اور ان کے درمیان موازنہ کا کوئی داعیہ نہیں۔جیسے کہ پاکستانی فوج میں بھی جو مذہبی رجحان رکھنے والا افسر ہو اسکی ترقی اور اعلیٰ عہدوں کی طرف چڑھائی ناممکن ہو جاتی ہے کیونکہ وہ طاغوت کو چھوڑ کر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف میلان رکھتا ہے۔

یہاں ایک مضحکہ خیز لطیفہ ذکر کرنا مناسب ہوگا۔ پاکستانی فوج جو کچھ عرصہ قبل اپنے ہر کیمپ کے باہر ایمان۔ تقویٰ۔ جہاد فی سبیل اللہ کا نعرہ لکھتی تھی اور کہا جاتا تھا کہ یہ ان ''سر''فروشوں کا شعار ہے۔ لیکن اب جبکہ وہ اس شعار پر بے حد شرمندہ ہیں انہوں نے ہر کیمپ سے یہ لفظ مٹا دیا ہے۔ غور طلب بات یہ ہے کہ ایمان تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کا شعار رکھنے والی فوج نے اب ہندو اور عیسائی چوڑے بھی فوج میں بھرتی کر لیے ہیں۔ یعنی اب ان ہندوؤں کا شعار ایمان تقویٰ جہاد فی سبیل اللہ ہو گیا اور وہ اللہ کی راہ میں لڑیں گے (عیاذاً باللہ)۔

ان میں ''دوستی دشمنی'' کا عقیدہ یعنی عقیدۃ الولاء والبراء اسی قدر ہوتا ہے کہ جس سے طاغوت دشمنی لگائے اسے دشمنی اور جس سے وہ دوستی لگائے وہ دوست بن جائے گا۔ پھر وہ اسی پر قتال کرتے ہیں اور اسی پر دوستیاں لگاتے ہیں۔ اگر طاغوت انہیں حکم دے تو اسکی اطاعت کرتے ہیں اگرچہ اس کا حکم کفر اور اللہ کی معصیت ہی کیوں نہ ہو اور اگر انہیں منع کرے تو باز آجاتے ہیں چاہے ایسا منع کیا گیا امر اللہ کی اطاعت وعبادت میں شامل ہو۔ اس کی واضح مثال سابقہ مشرف نامی امریکی پپّی کی ہے کہ جب وہ طاغوت کی کرسی پر بیٹھا تو اس نے اپنی فوج کو جیسا بھی امریکی حکم دیا اسے من وعن تسلیم کر لیا گیا چاہے وہ دین وعقیدہ سے ہی دستبرداری کا حامل امر کیوں نہ ہو۔

اسی طرح ان فوجوں کو جب بھی اللہ کے نیک بندوں کو پکڑنے اور انہیں قتل کرنے کا حکم دیا جائے تو فوراً اس کی اطاعت کرتے ہیں۔ کیونکہ طاغوت صاحبِ امر ونہی ہے اور اس کی اطاعت واجب ہے جبکہ اس بات کو جاننے کی کوئی ضرورت نہیں کہ آیا گرفتار، قتل یا جیل میں ڈالے جانے والے افراد شرعاً اس کے مستحق ہیں۔ ان کے زعما طاغوتِ اکبر سے داد وصول کرنے کے لیے خود بڑے تکبر سے اعلان کرتے ہیں کہ ''ہم نے اتنے پکڑ کر دیے ہیں'' اور ''ہم نان نیٹو اتحادی'' ہیں۔

ان افواج کے فوجی طاغوت کے نظام اور اسکی حفاظت کے لیے چیر پھاڑ کرنے والے وحشی درندوں کی طرح ہیں جبکہ امت کے بیرونی دشمنوں کے خلاف بزدلی، ذلت ورسوائی کے جذبات لیے وہ موم کی طرح نرم ہیں۔ کمزور ومقہور اقوام کے خلاف شیر اور جنگ میں امت کے دشمنوں کے خلاف شتر

مرغ۔اپنی ہی مسلمان ملت کی بیٹیوں کی عزتیں لوٹنے والے جابر وظالم، ہوس پرست درندے اور جب دشمن سے سامنا ہو تو 90,000 کی تعداد میں ہتھیار ڈال دینے والے۔

کہاں ہیں یہ افواج امتِ مسلمہ کو درپیش مسائل کے حل کے لیے.....

کہاں ہیں یہ افواج قبلہ اول فلسطین کی آزادی کے لیے.....

جبکہ یہودی ہر روز فلسطین میں ہمارے بیٹوں اور عفت مآب بیٹیوں اور ہمارے اہل کے خلاف مذبحہ خانے قائم کرتے ہیں..... عزتوں کی پامالی کرتے ہیں..... مقدسات کی توہین کرتے ہیں اور مسجدِ اقصیٰ میں اپنے پلید و نجس وجود کیساتھ داخل ہوتے ہیں .....اسکی حرمت کو پامال کرتے ہیں.....وہاں پھر جو ان کے جی میں آتا ہے کرتے ہیں .....شیطان نے یہودی پروٹوکولز میں جو کچھ انکو املا کروایا ہے اس پر ببانگ دہل عمل کرتے ہیں..... یہ سب کچھ کرنے میں ان تمام افواج کو وہ اپنے ادنیٰ ترین حساب میں بھی نہیں لاتے!!!۔

ان دہشت گرد فوجوں کو کیا جواب ملتا ہے.....وہ محصور ہیں، جس کا ہمیں شدید دکھ اور افسوس ہے لیکن ہم جنگ نہیں چاہتے بلکہ عقل مندوں والی راہ اختیار کرتے ہیں اور وہ ہے ''امن''۔جی ہاں امن غاصب صہیونیوں کے خلاف کیونکہ یہ اسٹراٹیجک اختیار ہے جس کی کوئی دوسری راہ نہیں۔مسئلہ فلسطین کا حل قوت وجنگ کے ذریعہ ممکن نہیں۔اس طرح کے بزدلانہ ذلیل اور رسوائیت پسند بیانات ہیں جو امت کو سننے کے لیے ملتے ہیں۔

بلکہ بعض ممالک جیسے مصر، اردن وغیرہ کی افواج نے حقوق کے اہل کو ان کے حقوق لوٹانے سے قبل اور صہیونی مجرموں کو خونریزی وظلم کی سزا دینے سے قبل ہی اسرائیلی ریاست کے ساتھ ڈپلومیٹک سفارتی تعلقات قائم کر رکھے ہیں۔

لیکن جب معاملہ ایسا ہی ہے تو ہم پوچھتے ہیں.....

کس کے لیے یہ لشکرِ جرار تیار کیے گئے ہیں.....؟؟

کس کے لیے یہ تباہ کن اسلحہ خریدا اور تیار کیا جاتا ہے.....؟؟

امت کی دولت خرچ کر کے ان متعفن قوتوں کو کس کے لیے فعال بنایا جاتا ہے.....؟؟

ان افواجِ جرار کو کس دشمن کو دہشت زدہ کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے.....؟؟

ان سوالوں کا جواب.....

ہر عقل و فہم والے کے لیے واضح ہے.....!!!

یہ افواج ہر گز امت کے دشمنوں کے لیے نہیں تیار کی گئی بلکہ یہ اقوام کو ذلیل و مقہور رکھنے کے لیے بنائی گئی ہیں ..... تاکہ ہر اس تحریک کا خاتمہ کیا جاسکے جو طاغوت کے امر و سیاست کے خلاف کھڑی ہو۔ کیونکہ ایسی کوئی بھی تحریک غلیظ طاغوت کی نافرمان ہے اور اسے حق ہے کہ وہ جیسے چاہے اسے اپنی اطاعت، عبادت، سیاست اور طریقے سے نکلنے کی سزا دے۔ کوئی شریعت کے نفاذ کا مطالبہ کرے تو اس کے خلاف حکومت کی رٹ کو چیلنج کرنے کی چھتری تلے آپریشن، کوئی مہاجرین کو پناہ دے تو اس کے خلاف ڈرون حملے، کوئی شریعت کے نفاذ کے لیے گھر چھوڑے تو اس کے گھر والوں کو اٹھا کے قتل کر دینا اور اس کے گھر کی عورتوں کی عزتوں کی پامالی کرنا اور کوئی مجاہدین کی نصرت کرے تو اس پر ٹینک لے کر چڑھ دوڑنا او جاہل فوجیوں کو بریفنگ دینا کہ یہ مجاہد نہیں بلکہ دشمن ایجنسیوں کے ایجنٹ ہیں۔

ہم حق سے زیادہ دور نہیں جاتے کہ یہ کہیں کہ عرب ممالک کی افواج اسرائیل کی حفاظت کے لیے بنائی گئی ہیں ..... لیکن وہ چوبیس گھنٹے تنخواہ دار کتوں کی طرح اسرائیل کی سرحدوں کو ہر طرح کے حملہ سے محفوظ رکھتی ہیں کہ کوئی بھی فدائی جو آزاد مجاہدین کی طرف سے آئے وہ اسرائیل میں داخل نہ ہو سکے۔

ان افواج کو ہلاکت و بربادی ہو کہ اگر کوئی مجاہدان کے درمیان سے گذر کر صہیونیوں کی حکومت میں گھس جائے تو تمام خائن قوتیں کتوں کی طرح بھونکنا شروع کر دیتی ہیں اور اس قوت کو دھمکیاں دینا شروع کر دیتی ہیں جس نے اس قسم کے دہشت گردانہ اعمال کو سرانجام دیا ہے۔اس عمل کے ذریعے وہ صہیونیوں کو یقین دہانی کرواتے ہیں کہ ہم اب بھی آپ کے وفادار اور آپ کی سلطنت کا پہرہ دینے والے کتے ہیں۔

یہ تو وہ معاملہ ہے جو فلسطین کے ساتھ خاص ہے۔ لیکن امت کے مسائل جیسے افغانستان، عراق، بوسنیا، کشمیر، چیچنیا، فلپائن وغیرہ کے معاملہ میں اگر ان افواج کا رسوائیت پسند کردار دیکھا جائے تو اس سے زیادہ مختلف نہیں جو اوپر بیان ہوا ہے۔ان مسلم علاقوں میں جو وحشت کا بازار گرم ہے قریب وبعید میں اس سے انہیں کوئی سروکار نہیں بلکہ بہت سے مواقع پر جہاں مسلمانوں پر ظلم ہو رہا ہو یہ افواج طاغوت کافروں کی صفوں میں امت کے خلاف کھڑی ہو جاتی ہیں۔نہ صرف کھڑی ہوتی ہیں بلکہ کافروں کو ہر طرح کا تعاون فراہم کرتی ہیں۔انہیں اپنی سرزمین فراہم کرتی ہیں کہ اس میں اڈے بنالیں، اپنی عسکری مشینری لے آئیں۔ جیسے سعودی عرب، پاکستان، قطر، مصر اور عراق وافغانستان وغیرہ میں موجود امریکی اڈے اس بات پر کافی شاہد ہیں۔ پھر اسی پر بس نہیں بلکہ خود ان کے شانہ بشانہ مقہور و مجبور نہتی امت کے خلاف قتال کرتی ہیں۔اس کی دلیل ایک لاکھ سے زائد کی تعداد میں سعودی عرب، پاکستان، قطر اور کویت کے ہوائی عسکری اڈوں سے کیے جانے والے وہ شدید ترین ہوائی بمبار حملے ہیں جن میں امت کے لاکھوں افراد کو بچوں، عورتوں اور مردوں سمیت قتل کر دیا گیا۔

یہ ساری باتیں ہمیں اس بات پر یقین دلاتی ہیں کہ یہ افواج ملتِ اسلام کی خدمت کے لیے ہرگز نہیں بنائی گئیں اور نہ ہی ان کا مقصد مجبور و کمزور امت کا دفاع ہے۔نہ ان کا مقصد رسالت کے پیغام کو پھیلانے جیسا کوئی عظیم ہدف ہے۔انکا مقصد تو جیسے ذکر کیا گیا کہ صرف اور صرف طاغوت اور اسکے نظام کا، یہودیوں کے مفادات کا اور علاقے میں مغرب کے اہداف کا تحفظ ہے۔

انٹیلی جنس ایجنسیوں کا مکروہ کردار.....

اس سارے معاملے میں جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے انٹیلی جنس ایجنسیوں کا کردار ایک اور ذلالت و کمینگی کا اضافہ ہے۔ان ایجنسیوں کا مقصد صرف نیک لوگوں، حق کے داعیوں اور اللہ کے دین کی نصرت کے لیے جانیں قربان کرنے والے مجاہدین کا قتل وخاتمہ ہے۔پس کفر کے یہ دم چھلے ہر وقت انہیں ڈھونڈنے، گرفتار کرنے، جیل میں ڈالنے،اور تعذیب دینے میں مصروف رہتے ہیں۔اے محترم قاری تم میں سے ہر ایک کے پاس ان کے ظلم کا ایک قصہ موجود ہے۔

یہاں ہم (بین من هجین)کے مقالہ نمبر 57 سے اس کی چند مثالیں نقل کرتے ہیں.....موجودہ دنیا میں اور خصوصاً مرتد ممالک میں جیل صرف ''قید'' سے ہی عبارت نہیں ہے بلکہ ان میں انسان کو ایسے پنجروں میں رکھا جاتا ہے جہاں اسے انسانی زندگی کے تمام معاملات سے محروم کر دیا جاتا ہے۔پس وہ اپنے گھر والوں اور اپنے کسی بھی عمل سے محروم کر دیا جاتا ہے۔بلکہ مرتدین کی جیلیں تو ایسی ہیں جن میں انسانیت کے احترام کا کوئی وسیلہ نہیں۔ہم ہر وقت ان جیلوں میں کیے جانے والے ظلم کو یاد رکھتے ہیں تاکہ ہمارے دل ان کے خلاف بغض وعداوت سے بھرے رہیں اور انہیں معاف کر نے کا شائبہ بھی ہمارے قریب نہ پھٹکے۔جب کوئی مسلمان ان پر غلبہ پالے تو ان کے متعلق سب سے کمتر حکم وہ ہے جو سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے اپنے حلفاء بنی قریظہ کے متعلق دیا تھا۔کہ ان کے لڑنے کے قابل سب افراد قتل کر دیے جائیں،ہر بالغ جو بلوغت کو پہنچ گیا ہے اسے قتل کر دیا جائے،ان کی عورتوں کو لونڈیاں بنالیا جائے اور ان کے اموال غنیمت کر لیے جائیں۔یہی سات آسمانوں کے اوپر اللہ کا حکم ہے.....کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس معاملہ میں اسلامی قیادات کی یاداشت قابلِ افسوس حد تک کمزور ہے اور ان کا سلوک اس معرکہ میں ہمارے اور مرتدین کے ساتھ تکلیف دہ ہے!!!

تیونس میں جب کسی آدمی کو اسلام کے ساتھ نسبت رکھنے کے سبب جیل میں ڈالا جاتا ہے اور اس پر اتنا الزام لگ جانا ہی کافی ہے کہ یہ مسجد میں نماز پڑھتا ہے، یا یہ کہ اس کی داڑھی بڑھی ہوئی ہے تو اسے

گرفتار کر کے ایسا عذاب دیا جاتا ہے جس کی کیفیت و کمیت اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔اس کے بعد اسے جیل میں پھینک دیا جاتا ہے۔ یہاں تک تو معاملہ کا تصور کیا جانا ممکن ہے لیکن کیا اس کا تصور بھی کیا جا سکتا ہے جو اسکے خاندان کے ساتھ سلوک کیا جاتا ہے !!۔دوسری طرف اس کے خاندان پر باہر سے ظلم شروع ہو جاتا ہے۔

جیسے کہ وزیرِ داخلہ تیونس نے بیان دیا (سنتابع الاسلامیین وسنحاصر هم حتیٰ تضطر نساؤ هم الی الاکل بأجساد هن) ہم اسلام پسندوں کا پیچھا کریں گے اور ان کا ایسے محاصرہ کریں گے کہ ان کی عورتیں اپنے جسموں کی کمائی کھانے پر مجبور ہو جائیں گی۔ بالفرض اگر کوئی بہن جس کا خاوند ''اخو نجیہ'' جیسے کہ وہ نام دیتے ہیں، کی تہمت کے ساتھ جیل میں ہو اور وہ بجلی پانی کا بل جمع کروانے کے لیے آئے تو اس سے سوال کیا جائے کہ یہ مال تو کہاں سے لائی ہے۔ہاں انہیں راحت نہیں حاصل ہوتی یہاں تک کہ زندگی کی تکلیفوں سے تنگ آ کر وہ بہن اپنا جسم بیچ دے۔ پس کیا یہ وہ جیل ہیں جس کے لیے جودت سعید اور خالص جلبی ہم سے چاہتے کہ ہم ان کی طرف بھاگ کر جائیں اور جیل کو مدرسہ بنالیں جہاں بھائیوں کو دین کی فہم سکھائی جائے اور نئے آنے والوں کو دعوت الی اللہ کی طرف خوش آمدید کہا جائے۔ پھر اس کے بعد یہ بھی ایک گناہ سمجھا جاتا ہے کہ جب مسلمان ایسے قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کریں. یہ وہ عقل مندی ہے جس کی طرف ہمیں دعوت دی جاتی ہے !!

اردن کی جیل کی صورتِ حال جہاں انٹیلی جنس والے مسلمان قیدی کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں۔ایک بھائی کے کپڑے اتار دیے اسے زمین پر گرا دیا اور پھر انٹیلی جنس کا ایک افسر کھڑا ہوا ..... لیکن یہاں ایک تنبیہ لازمی ہے ان میں اگرچہ سارے انٹیلی جنس والے نہ ہوں تب بھی اغلب اکثریت نے بیت اللہ کا حج کیا ہوا ہوتا ہے اور وہ آپس میں ایک دوسرے کو ''الحاج'' کے لقب سے ہی بلاتے ہیں۔ان کی اکثریت نمازیں پڑھتی ہے بلکہ کئی ''کلیۃ الشریعہ'' کے پڑھے ہوئے ہوتے ہیں۔ پس جب اس بھائی کو زمین پر گرا دیا گیا تو ایک افسر ''الحاج فلاں'' کھڑا ہوا اور اس نے اپنی شرمگاہ سے کپڑا ہٹایا اور اپنے ذکر کو پکڑ اس بھائی کی داڑھی میں پھیرتے ہوئے کہنے لگا ''دعنا یا شیخنا نتبرک منک'' اے شیخ ذرا

اجازت دیں کہ ہم آپ سے تبرک حاصل کرلیں۔ یہ ہے وہ حقیقتِ واقعہ جو اپنی تکالیف وآلام کے ساتھ ہمیں زخمی کرتی ہے۔اے قوم کیا یہ جیل ہے..... کہ جس کی طرف ہم بھاگتے جائیں اور ہمیں وصیت کی جاتی ہے کہ اسے مدرسہ بنالیں۔

کیاہم شام کی حالت بیان کریں اوراس کے بعثی ونصیری حکمرا نوں کی حالت بیان کریں اور وہاں مسلمان بہنوں کے کرب والم کو بیان کریں۔ یاپھر جیلوں میں نوجوانوں کی حالت بیان کریں جہاں کسی بھائی کو باندھ کے قبر نما کمروں میں پھینک دیا جاتا ہے جن کی اونچائی انسانی جسم سے زیادہ نہیں ہوتی،ایک دودن کے لیے نہیں بلکہ سالوں کے لیے۔اگر کوئی اس کی تفصیل جاننا چاہتا ہے تو ہمارے مقالہ (جواز قتل الذریۃ والنسوان درئا لھتک الاعراض وقتل الاخوان)میں اس کی تفصیل پڑھ لے۔

کیاآپ نے کبھی ڈاکرل محمد المسعری کو سنا ہے جو دفاعِ حقوقِ شرعیہ نامی تنظیم کا سیکریٹری اطلاعات ہے کہ اس نے جزیرۃ العربیۃ کے جیل میں کیا تکالیف دیکھیں اور کیا سنا؟ میں کہتا ہوں جو کچھ مجاہدین کے ساتھ بیتی ہے وہ اس سے کہیں زیادہ ہے جو مسعری نے دیکھی اور سنی ہے اور ہمیں سب پر افسوس ہے لیکن مشکل یہ ہے کہ مجاہدین کے لیے کوئی رونے والا نہیں ہے اور اللہ ہی مددگار ہے۔

کیاآپ نے جمال عبدالناصر کی جیلوں میں قیدیوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کی داستان پڑھی کہ کیسے بعض قیدی پاگل ہوگئے!!

کیاآپ نے صدام حسین بعثی کی جیلوں میں ظلم وعدوان کے فنون کا پتہ لگایا ہے کہ وہ اپنے مخالف کے ساتھ کیسا سلوک کرتا تھا۔

''کیا کسی کو معلوم ہے کہ پاکستانی جیلو ں میں انٹیلی جنس ایجنسیوں کے کتوں نے مجاہدین کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ایک مجاہد بھائی سے معلومات کے حصول کے لیے اسے پنجرہ میں بند کرکے اسکی بیوی کی عصمت دری کی تاکہ وہ مجبور ہو جائے۔ایک دوسرے بھائی کے شہر سے جب وہ ہاتھ نہ آیا تو اس کی بہن کو

اٹھا کے لے گئے۔ کیا میں بھول جاؤں جب ایک شہید رحمہ اللہ نے جب وہ جیل سے رہا ہوا مجھے بتایا کہ ایک کال کوٹھری میں ایک عرب بھائی قید تھا اور اس کے سامنے والے پنجرے میں اس کے بیوی بچوں کو قید کیا گیا تھا۔اذیت کے وہ تمام حربے آئی ایس آئی اور دیگر ملکی ''مسلمان'' انٹیلی جنس ایجنسیاں استعمال کرتی ہیں جو اوپر ذکر کیے گئے۔ جبکہ ان کی جیلوں میں خود امریکی آکر تفتیش کرتے ہیں اور ان کے سامنے مجاہد بھائیوں کو اذیت دیتے ہیں۔ پھر کئی دفعہ یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ کسی مجاہد کو اذیت دلوانے کے لیے کسی ''شیعہ'' افسر کے حوالے کر دیا جاتا ہے جو اسے مکمل بے رحمی سے عذاب دیکر مسلمانوں کے لیے اپنے کینہ غضب کا اظہار کرتا ہے''۔

وہ شخص جو یہ سب کچھ جانتا ہے یا اس کا کچھ حصہ جانتا ہے پھر وہ اللہ کے دین کے احیاء میں یہ منہج اپناتا ہے کہ نوجوان اپنے اختیار کے ساتھ جیلوں میں چلے جائیں اور پھر وہ انہیں چھڑوانے کے مطالبہ کا تجربہ کرے گا، ایسا شخص اس بات کے زیادہ قابل ہے کہ اسے مجرم اور دین کے دشمنوں کی صفوں میں شمار کیا جائے نہ کہ اس قابل ہے کہ اسے نوجوانوں کے لیے مفکر بنا کے پیش کیا جائے۔ اللہ کی قسم ہم عجائبات کے زمانے میں رہ رہے ہیں۔

کتاب وسنت اور اجماع سے ایسے لوگوں کا حکم

جب آپ نے ان لوگوں کی حقیقت کو بہت اختصار کے ساتھ جان لیا ہے تو ہم اسی قدر اختصار کے ساتھ ان کا حکم پیش کرتے ہیں۔ جب شیخ الاسلام ابنِ تیمیہ سے تاتاری لشکر کے متعلق حکم کا پوچھا گیا؟ تو انہوں نے اس کا جواب یوں دیا.....

یہ قوم جس کے متعلق سوال کیا گیا ہے مختلف اقوام پر مشتمل ہے جن میں کافر عیسائی، مشرکین اور اسلام کی طرف ''نسبت'' رکھنے والی اقوام شامل ہیں اور یہ اس لشکر کے جمہور سے تعلق رکھتے ہیں۔ جب ان سے کہا جائے وہ شہادتین کا اقرار کرتے ہیں، رسول کی عظمت کا اقرار کرتے ہیں اور ان میں نمازی لوگ بہت کم ہیں اور رمضان کے روزے ان کے ہاں نمازوں سے زیادہ ہیں اور مسلمان ان کے ہاں دوسروں

سے بہتر ہیں اور نیک لوگوں کی ان کے ہاں بڑی قدر ہے۔ان کے ہاں بعض اسلام پایا جاتا ہے لیکن وہ اس میں مختلف درجوں پر ہیں۔ لیکن ان کے عامۃ الناس جس پر ہیں اور جس عقیدہ پر وہ قتال کرتے ہیں وہ اکثر یا بعض اسلام کو شامل ہے۔ پس وہ اسلام کو واجب کرتے ہیں لیکن اس کے ترک پر قتال نہیں کرتے بلکہ جو کوئی مغلوں (تاتاریوں) کی سلطنت پر قتال کرے تو اس کی تعظیم کرتے ہیں چاہے وہ کافر، اللہ اور اسکے رسول کا دشمن ہی کیوں نہ ہو۔اسی طرح جو کوئی مغلوں کی سلطنت کے خلاف کرے اس سے قتال کرتے ہیں اگرچہ وہ مسلمانوں کا بہترین فرد ہی کیوں نہ ہو۔

وہ کفار کے خلاف جہاد نہیں کرتے اور نہ ہی ان پر جزیہ لاگو کرتے ہیں، نہ ہی اپنی فوج میں کسی کو منع کرتے ہیں کہ وہ جس کی مرضی چاہے عبادت کرے۔ان کے کردار سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مسلمان ان کے نزدیک عادل یا نیک آدمی کی مانند ہے اور کافر ان کے ہاں بمنزلتِ مسلمان فاسق کے ہے۔

اسی طرح ان کے عام افراد مسلمانوں کے خون واموال کو حرام نہیں جانتے جب تک کہ انہیں بادشاہ منع نہ کردے۔یعنی وہ ان اموال کے ترک کا التزام نہیں کرتے لیکن جب انہیں منع کیا جائے تو صرف سلطان کی اطاعت کرتے ہیں نہ کہ دین کی۔ان کے عام لوگ واجبات کی ادائیگی کا التزام بھی نہیں کرتے اور نہ ہی اپنے درمیان اللہ کے حکم کا التزام کرتے ہیں بلکہ وہ اپنے درمیان ایسی وضع سے حکومت کرتے ہیں جو کبھی اسلام کے موافق ہوتی ہے اور کبھی اس کے مخالف۔

اس قسم کے لوگوں کے خلاف قتال واجب ہے اور جو کوئی بھی دین کی معرفت رکھتا ہے اور ان کی حقیقت کو جانتا ہے اس میں شک نہیں کر سکتا پس یہ مقام جس پر وہ ہیں اسلام کے ساتھ اکٹھے نہیں ہو سکتے۔

صاحبِ کتاب (مسائل هامة فی بیان حال جیوش الامه) صفحہ 9 پر لکھتے ہیں کہ جو کوئی شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی ذکر کردہ تاتاریوں کی ان صفات کا امتِ مسلمہ کی موجودہ افواج کے ساتھ موازنہ کرتا ہے تو وہ دیکھے گا کہ تاتاریوں کے لشکر میں بہت سی اعلیٰ صفات بھی تھی جو کہ عرب وعجم کے

لشکروں میں موجود نہیں ہیں۔ پس تاتاریوں کے لشکر میں رسول کی عظمت کا اعتراف موجود تھا اور مسلمان ان کے ہاں دوسروں سے بہتر سمجھے جاتے تھے اور نیک لوگوں کی ان کے ہاں قدر تھی۔ جبکہ موجودہ دور کی عرب افواج میں ان صفات کا خلاف ہی پایا جاتا ہے۔

اور تیرا یہ کہنا(من كفر مسلما فقد كفر)جس نے کسی مسلمان کی تکفیر کی وہ کافر ہو گیا .....تو یہ حدیث نہیں ہے بلکہ حدیث اس طرح ہے (إِذَا أَحَدُكُمْ قَالَ لِأَخِيهِ :يَا كَافِرُ، فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا) جس نے اپنے بھائی کو کہا اے کافر تو اگر وہ ایسا ہے ورنہ وہ کلمہ کہنے والے پر لوٹ جائے گا۔ دونوں باتوں میں بڑا فرق ہے۔پہلے کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان کی تکفیر ممکن ہی نہیں اور یہ صحیح نہیں ہے ۔کیونکہ مسلمان جب کفریہ کلمہ بولے گا،اس کا ارتکاب کرے گا یا اعتقاد رکھے گا تو وہ کافر ہو جائے گا۔اسی لیے اللہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ان لوگوں کے متعلق جنہوں نے حفاظ قرآن صحابہ کے متعلق مذاق کیا تھا،فرمایا﴿لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ ﴾اب بہانے نہ بناؤ تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے۔اسی طرح فقہ کی کتابوں میں تمہیں مستقل ابواب ملیں گے جن کا عنوان ہے (باب حکم المرتد)اور یہ اس مسلمان کے متعلق ہے جو اپنے اسلام کے بعد کفر اختیار کرتا ہے۔

جب کہ حدیثِ صحیح بیان کرتی ہے کہ اگر ایسے مسلمان کے اندر واقعۃً کفر موجود ہے تو اس کی تکفیر میں کوئی حرج نہیں۔حرج تو اس میں ہے کہ جب کسی ایسے مسلمان کی تکفیر کی جائے جس سے کفر و شرک واقع ہی نہ ہوا ہو۔ہم مسلمانوں کی تکفیر نہیں کرتے بلکہ ہم تو مشرکین کی تکفیر کرتے ہیں جو طاغوت کے بندے ہیں اس کے فوجی ہیں اور اس کے انصار ہیں جو وضعی کفری قانون کا پہرہ دیتے ہیں اور اس سے برأت کا اظہار نہیں کرتے اور شریعت و توحید کے انصار کو جیلوں میں ڈالتے ہیں اور ان سے جنگ کرتے ہیں۔

وہ کہنے لگا اے شیخ .....اس کا مطلب تو یہ ہے جب ہم آپ سے دشمنی کرتے ہیں تو آپ انکار کریں کہ آپ کو کوئی بھی پولیس والا اور افسر نہ چھوئے یعنی ہم کیونکہ ہم ''نجس''ہیں!!!

میں نے کہا اللہ فرماتے ہیں ﴿إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ﴾ بے شک مشرکین پلید ہیں۔ پھر شرک کی نجاست سے بیت اللہ کی تطہیر اور اسکی حفاظت کے لیے فرمایا ﴿فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَذَا﴾ پس اس سال کے بعد وہ مسجدِ حرام کے قریب بھی نہ پھٹکنے پائیں۔ مسلمان موحد تو اللہ کے ہاں بیت اللہ سے بھی زیادہ محترم ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ''نجاست'' بھی معنوی ہے نہ کہ حقیقی نجاست مراد ہے۔ خصوصاً ایسے مسلمان کے حق میں جو اسلام کا دعویدار ہے اور ایسی عبادات بجالاتا ہے جو طہارت کو لازم کرتی ہیں۔ جبکہ تم لوگوں کے جسم تو ظاہراً شاید پاک ونظیف ہی ہوں گے لیکن تمہارے نفوس ایسے نہیں ہیں جب تک وہ شرک کی نجاست سے اٹے ہوئے اور اس سے برأت سے دور ہیں۔

ہم تمہارے (قید کے دوران) ہمیں چھونے کا انکار اس لیے نہیں کرتے کہ تمہارے ساتھ نجاست ہے اور طہارت نہیں۔ تم تفتیش کے دوران ہمیں چھوتے ہو لیکن ہم اس کا انکار اس قدر کرتے ہیں جتنا ممکن ہو سکے۔ کیونکہ تمہارے اکثر لوگ متکبر و گھمنڈی ہیں۔ ہم نے تمہیں دیکھا ہے کہ تم قیدیوں کو کیسے تیار کرتے ہو جیسے وہ کوئی چوپائے یا جانور ہوں لیکن ہم اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ ہم دین میں ایسی ذلت قبول کریں۔ لیکن جو کچھ تم دیکھتے ہو اگر ہم اس سے بھی خاموش ہو جائیں تو تمہاری زبانیں ہمارے اوپر اس سے بھی لمبی ہو جائیں کیونکہ تم جھکنے والوں کو ڈنڈوں اور کوڑوں سے اور زیادہ مارتے ہو۔ ہم ایک ایسی دعوت والے لوگ ہیں جن کو اللہ نے توحید کیساتھ عزت دی ہے اور ہم اسی کی وجہ سے جیل میں ڈالے گئے ہیں اور ہم انکار کرتے ہیں اس بات سے کہ ہمارے ساتھ ایسے لوگوں جیسا سلوک کیا جائے جنہوں نے اپنی کسی بہن کی حرمت کو پامال کیا ہو۔

وہ کہنے لگا لیکن تم لوگوں کا اسلوب بہت برا ہے جبکہ فلانی جماعت کے لوگوں کا اسلوب اتنا اچھا ہے وہ ہمارے ساتھ مصافحہ بھی کرتے ہیں اور مسکراتے بھی ہیں اسی لیے ہم ان سے ڈرتے ہیں کہ کوئی ان کے اسلوب سے متاثر ہو کر ان کا ہی نہ ہو جائے۔ جبکہ تم لوگ اپنی دعوت کے اسلوب اور عدمِ سلام کے ساتھ متنفر کرتے ہو۔

میں نے کہا.....جب میں تجھے توحید کی طرف بلاتا ہوں یا تیرے ساتھ ایسا معاملہ کرتا ہوں تو میرا ہدف یہ نہیں ہوتا کہ تجھے بھرتی کروں یا کسی تنظیم وحزب میں شامل کروں جیسا کہ دوسروں کا ہدف ہے۔ میرا پہلا ہدف یہ ہوتا ہے کہ تجھے شرک کے اندھیروں سے نکال کر توحید کے نور کی طرف لے جاؤں اور جب میں تجھے دعوت دیتا ہوں تو اس لیے نہیں دیتا کہ تو کسی معین جماعت کا کارندہ بن جائے بلکہ میں تجھے طاغوت کے لشکر اور وضعی کفری قانون کو ترک کرنے کی دعوت دیتا ہوں تاکہ تو توحید وشریعتِ اسلام کا فوجی بن جائے۔ پھر اس اسلوب سے میرا ہدف یہ بھی ہوتا ہے کہ میں اس توحید کا اظہار کروں جو شرک اور اس کے اہل سے برأت کا تقاضہ کرتی ہے تاکہ اللہ مجھے اس ''طائفۂ منصورہ'' میں شامل کرلے جو اللہ کے دین پر قائم رہے گا کہ ان کی مخالفت کرنے والا ان کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا یہاں تک کہ قیامت قائم ہو۔ اس لیے میں تیرے ساتھ ایسا معاملہ کرتا ہوں، نہ تیرے ساتھ مصافحہ کرتا ہوں، نہ تجھے سلام کرتا ہوں اور نہ تیرے قانون کے ساتھ تیرا اعتراف کرتا ہوں بلکہ تیرے لیے یہ ظاہر کرتا ہوں کہ تو کفر وشرک پر ہے جب تک تو قانونِ وضعی کا مددگار ہے اور اللہ کی شریعت کو رسوا کر رہا ہے۔ میں تجھے دعوت دیتا ہوں کہ تو جس رستے پر ہے اسے چھوڑ دے، شرک اور مشرکین کی نصرت چھوڑ دے تاکہ تو آگ سے بچ جائے. وہ آگ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔ میں تجھے اس کی طرح دعوت کبھی نہیں دوں گا جو تیرا کندھا تھپکے، مداہنت کا اظہار کرے، مصافحہ کرے، مسکرا کے ملے اور تیرے باطل کو خوبصورت بنائے اور تجھے تیرے شرک پر قائم رکھے۔ اس کے بعد تو کیا سمجھتا ہے کہ کون تیری اصلاح کا زیادہ حریص ہے۔

اے اس قانون ونظام کی پہریداری کرنے والے.....!! اللہ کی قسم ہم تیرے لیے خیر پسند کرتے ہیں ہم ملک اور اسکی مصلحتوں پر سب سے زیادہ حریص ہیں بلکہ تیرے حکمران کی مصلحت پر بھی جس کی تو اطاعت کرتا اور اپنی جان سے زیادہ اس کی پہرے داری کرتا ہے۔

کہنے لگا کیسے.....؟!

میں نے کہا..... میری، تیری اور اس ملک کی موجودہ حالت کی مثال ایسی ہے جیسے کہ ریل گاڑی ہو جسے بادشاہ چلا رہا ہے اور اس کے ڈبے اس کا نظام اور وزراء ہیں۔ یہ ریل گاڑی بڑی سبک رفتاری سے پٹڑی پر دوڑ رہی ہے اور یہ پٹڑی سیدھی جہنم کے گڑھے میں جا گرتی ہے۔ میں اور میرے جیسے توحید کے داعی اس ریل گاڑی کے سامنے کھڑے ہیں اور اسے روکنے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ وہ اس گڑھے میں نہ گر جائے۔

ہم اسے روکتے ہیں.....اور آواز لگاتے ہیں دور ہو جاؤ.....

اللہ کے ساتھ قانون سازی مت کرو.....اللہ کے ساتھ شرک سے بچو.....

وضعی قانون (خود ساختہ) قانون چھوڑ دو.....

سود کو حرام قرار دو.....زناء سے اجتناب کرو.....

دینِ حق کو اپنالو.....پھر تو اور تیرے جیسے اس طاغوتی قانون کے فوجی کیا کریں گے !!!

وہ (بدنصیب) کہنے لگا..... ہم اس ریل گاڑی کو مزید ایندھن دیں گے تاکہ وہ تجھے اور تیرے جیسے دوسروں کو تیزی سے روندتی اور کچلتی ہوئی نکل جائے !!!

میں نے کہاں یہی تمہاری حقیقت ہے ..... تم اسے اور دھکا لگاؤ تاکہ وہ مجھے اور میری دعوت کو روند ڈالے اور تم میری تنبیہ کو پسِ پشت ڈال دو .....اور پھر جہنم کے گہرے گڑھے میں جا گرو .....اس لیے میں ملک اور اس کے باسیوں کی مصلحت کا زیادہ حریص ہوں، میں اپنی زندگی اور عمر اسی لیے کھپا رہا ہوں تاکہ تمہیں شرک و آگ سے بچاؤں ..... لیکن تم مجھے اور میرے جیسے داعیوں کو اس پر جیلوں میں ڈالتے ہو اور تعذیبیں دیتے ہو۔

اس کے بعد پھر تم جیل میں آکر مجھے لیکچر دیتے ہو کہ اللہ کی طرف دعوت کا اسلوب کیا ہو؟!.....دعوت کے اسلوب وغیرہ جیسے فروعی امور میں بات کرنے سے پہلے .....اللہ کی طرف توبہ کرلے اور شرک اور اس کے خود ساختہ قانون (وضعی قانون) کی حفاظت سے باز آجا.....اللہ سے ڈر کہ تو اس حال پر مر جائے جس پر کہ تو ہے.....اگر تیرا حال یہی رہا تو تو کبھی فلاح نہ پائے گا!!

(شیخ مقدسی کا کلام ختم ہوا)

پہلا اعتراض.....جہالت کا عذر!

بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ فوجی اور انٹیلی جنس والے جاہل ہیں اور انہیں اس بات کی ضرورت ہے کہ کوئی انہیں سمجھائے اور انہیں دعوت دے۔ وہ نہیں جانتے کہ ان کے بڑے طاغوت ہیں اور ان کے خود ساختہ قوانین میں ان کی اطاعت کرنا شرک اور ان کی عبادت کرنا ہے ۔اس لیے ان طواغیت کی مدد کرنا، اس نظام کا پہرہ دینا اور معاونت کرنا.....وغیرہ وغیرہ.....کفر نہیں ہے!!!

اس اعتراض کے رد میں ہم کہتے ہیں.....

ان فوجیوں وغیرہ کو دعوت دینا مستحب ہے اور اس کی اہمیت سے انکار نہیں اور یہ بہتر کاموں میں سے ہے ۔اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں﴿وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ﴾اور اس شخص سے بہتر بات کس کی ہو سکتی ہے جو اللہ کی طرف دعوت دے اور نیک عمل کرے اور کہے کہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

لیکن اللہ کی عبادت میں شرک کرنے والا ہر مشرک دعوت سے پہلے، اس کے دوران اور اسکے بعد.....جب تک وہ توحید کا التزام نہیں کرتا اور طاغوت کا انکار نہیں کرتا .....تو وہ مشرک ہی رہتا ہے۔ جبکہ ان کو دعوت دینے کی اہمیت ان کے حکم میں کوئی تبدیلی واقع نہیں کرتی اور نہ ہی انہیں موحدین بنا دیتی ہے یا ان کا نام مشرکین سے خارج کر دیتی ہے۔ اللہ عزوجل فرماتے ہیں ﴿وَإِنْ أَحَدٌ

مِّنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُونَ﴾اور اگر کوئی مشرک آپ سے پناہ طلب کرے تو اسے پنا ہ دے دو تا کہ وہ اللہ کا کلام سن لے پھر اسے اس کی پناہ گاہ میں پہنچا دو یہ اس سبب کہ یہ ایسی قوم ہیں جو کچھ نہیں جانتی۔

اللہ عزوجل نے انہیں دعوت سننے سے قبل بھی مشرکین کا نام دیا اور ان کا یہی وصف بیان کیا کہ وہ نہیں جانتے یعنی جاہل ہیں۔ اللہ کا آپ کو ان کی د عوت و تبلیغ کا حکم دینا، دعوت سے قبل، اس کے دوران اور بعد میں انہیں اس وصف سے ہر گز خارج نہیں کرتا جب تک کہ وہ شرک کے ساتھ چمٹے ہوئے اور توحید کو ترک کیے ہوئے ہیں۔

شرکِ اکبر جو ملتِ ابراہیم کے منافی ہے جس کا مطلب ہے ظاہری عبادات کو غیر اللہ کی طرف پھیر دینا..... یہ ایسا امر ہے جس کے مرتکب کو معذور نہیں سمجھا جا سکتا، جبکہ اللہ عزوجل نے اس کے اوپر کئی وجوہ سے حجت قائم کر دی ہے۔ جس کے دلائل درج ذیل ہیں۔

(۱) ظاہری کونی دلیلیں جو اللہ کی وحدانیت پر دلالت کرتی ہیں۔ کہ وہی ذات ہے جس نے پیدا کیا، رزق دیا، صورتیں بنائیں، تدبیر کیا اور وہی واحد اس لائق ہے کہ اس کی عبادت کی جائے اور وہی اس لائق ہے کہ وہ قانون سازی کرے اور عقلاً و شرعاً بھی یہ جائز نہیں کہ عبادات کسی غیر کی طرف موڑ دی جائیں۔ اللہ فرماتے ہیں﴿أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ ﴾خبر دار مخلوق بھی اسکی حکم بھی اسی کا ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ کا آدم کی اولاد سے عہد لینا ..... جیسے کہ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں ﴿وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِن بَنِي آدَمَ مِن ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلَىٰ شَهِدْنَا أَن تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَٰذَا غَافِلِينَ أَوْ تَقُولُوا إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّن بَعْدِهِمْ ۖ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ ﴾جب تیرے رب نے آدم کی نسل سے ان کی تمام پشتوں تک عہد لیا اور اس پر انہیں گوا ہ بنایا، کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں تو ان سب نے کہا بے شک آپ ہی ہمارے رب ہیں اور ہم گواہی دیتے ہیں، یہ کہ تم قیامت کے دن کہنے لگو کہ ہم تو اس بات کو نہ جانتے تھے۔ یا یہ کہ تم کہو کہ ہم سے پہلے ہمارے آباء نے

شرک کیا تھا اور ہم تو ان کی اولاد میں سے تھے کیا آپ ہمیں ان کے گناہوں کے سبب ہلاک کرتے ہیں۔ تو اللہ نے عہد لینے کے بعد واضح شرکِ ظاہر و مبین میں غفلت، جہالت اور تقلیدِ آباء کے سبب ان کا کوئی عذر قبول نہیں کیا۔

(۳) وہ فطرت جس پر اللہ نے انسان کو پیدا کیا ہے اور اسے بندوں کے دلوں میں راسخ کیا ہے کہ وہی خالق، رازق ہے، وہی معبود ہے اور وہی شریعت ساز (قانون ساز ہے)۔ جیسے کہ حدیث میں ہے جسے بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ أَوْ يُمَجِّسَانِهِ) ہر پیدا ہونے والا فطرت پر ہی پیدا ہوتا ہے لیکن اس کے والدین اسے یہودی، عیسائی یا مجوسی بناتے ہیں اور صحیح مسلم کی روایت میں ہے (وَ يُشْرِكَانِهِ) اور اسے مشرک بناتے ہیں۔

حدیث قدسی میں ہے جسے مسلم نے روایت کیا ہے (إِنِّي خَلَقْتُ عِبَادِي حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ، وَ إِنَّهُمْ أَتَتْهُمُ الشَّيَاطِينُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِينِهِمْ، وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا أَحْلَلْتُ لَهُمْ) میں نے اپنے بندوں کو دینِ حنیف پر پیدا کیا تو شیاطین انہیں اچک لے گئے اور ان پر وہ چیزیں حرام کر دیں جو میں نے ان کے لیے حلال کی تھی۔

(۴) تمام انبیا علیہم السلام کو اسی مقصد کے لیے بھیجا گیا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں ﴿وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ﴾ تحقیق ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو۔ اللہ فرماتے ہیں ﴿رُّسُلًا مُّبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللَّهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا﴾ خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے رسول تاکہ لوگوں کے لیے اس کے بعد اللہ کے سامنے کوئی حجت (عذر) نہ رہ جائے۔ پس جس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا پیغام نہیں پہنچا وہ اپنے دوسرے سے سن لے، چاہے دوسروں کی شریعتیں کیسی ہی مختلف ہوں لیکن توحید کی تحقیق اور شرک کے اکھاڑنے میں سب ایک ہیں۔

اللہ نے فرمایا ﴿وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولًا ﴾ ہم جب تک رسول نہ بھیج دیں عذاب نہیں دیتے۔ اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اور تمام انسانیت کے لیے رسول بھیجے اور اس سلسلہ کو جناب محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم کیا .....آپ کے ذریعے راستہ صاف کر دیا اور حجت قائم کر دی اور آپ کے بعد کوئی رسول نہیں۔

(۵) اللہ نے کتابیں نازل کیں جو سبھی اسی کی طرف دعوت دیتی ہیں۔ اس سلسلہ کو ایسی کتاب پر ختم کیا جسے پانی بھی مٹا نہیں سکتا، نہ ہی اس کی دعوت پرانی ہوتی ہے اور نہ ہی فنا ہونے والی ہے۔ قیامت تک اس کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے اٹھالیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ﴿وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنْذِرَكُمْ بِهِ وَمَنْ بَلَغَ﴾ اور مجھ پر یہ قرآن وحی کیا گیا ہے تاکہ میں تمہیں اور جس کو بھی اس کی دعوت پہنچے ڈراؤں۔ پھر اللہ نے حجت ودلیل قائم کرتے ہوئے فرمایا ﴿رَسُولٌ مِّنَ اللَّهِ يَتْلُو صُحُفاً مُّطَهَّرَةً﴾ اللہ تعالیٰ کا ایک رسول جو پاک صحیفے پڑھے۔

پس جس کے پاس یہ قرآن مجید پہنچ گیا اس پر حجت قائم ہو گئی اور انذار ہو گیا خصوصا دین کے سب سے واضح باب میں جس کے لیے تمام رسول بھیجے گئے۔

اگر حجت ودلیل سے یہ مراد لی جاتی ہے کہ ہر ایک کے پاس اسکی جگہ پر پہنچے اور پھر حجت قائم ہو تو یہ ایسا امر ہے جس کا اللہ نے مشرکین سے انکار کیا ہے۔ اللہ فرماتے ہیں ﴿فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ، كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ،فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ، بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُؤْتَىٰ صُحُفًا مُّنَشَّرَةً﴾ انہیں کیا ہے کہ اس نصیحت سے اعراض کرتے ہیں۔ گویا وہ بدکے ہوئے گدھے ہیں۔ جو شیر کے خوف سے بھاگے ہوئے ہوں۔ بلکہ ان میں سے ہر کوئی یہ چاہتا ہے کہ اسے نشر کیے ہوئے صحیفے دیے جائیں۔

سیرت نبوی سے بھی یہ بات معلوم ہے کہ نبی علیہ السلام منکر گروہوں کی طرف دعوت کے لیے ان کے بڑے رئیس کی طرف ہی بھیجتے تھے بجائے ہر ایک کی طرف بھیجنے کے اور اپنے قاصدوں یا امراء کو

یہ حکم نہ دیتے تھے کہ وہ سب کے پاس فرداً فرداً جاکے ان پر حجت قائم کریں خصوصاً محاربین کے معاملہ میں۔اسی طرح علماء کے نزدیک اسلام کی دعوت کے پوری دنیامیں پھیل جانے کے بعد یہ معاملہ ایسا نہیں ہے کہ اسے عہدِ ابتدائے اسلام کے ساتھ دیکھا جائے۔

یہ طاغوت اوران کے انصار ..... قانون کے محافظ فوجی پہلے دور کے مشرکین کے ساتھ اس دعوت کے اعراض میں بالکل متفق نظر آتے ہیں جب وہ قرآن جو توحید کا متقاضی ہے،اس سے اہمال برتتے ہیں اور حق کی بات سننے سے ایسے بھاگتے ہیں جیسے وحشی گدھے شیر سے بھاگتے ہیں۔پس وہ مشرک جاہل ہیں اوراس جہالت کوانہوں نے اس دعوت سے کنارہ کشی کر کے کمایاہے۔ان کے جہل کا سبب رسالت کے پیغام کانہ پہنچناہر گز نہیں اور نہ ہی جنون، پاگل پن اور صغر سنی کی بنیاد پر وہ دعوت قبول کرنے سے مانع ہیں۔

اس کے ساتھ آپ ان محاربین کااضافہ بھی کرلیں جواسلام کی شریعت کے انکاری ہیں اور یہ بات معلوم ہے کہ ان پر حجت قائم کرناواجب نہیں ہے۔اسی لیے علمائے کرام نے اس باب میں فرق کیاہے کہ کس کے ساتھ قتال دفاعی اور کس کے ساتھ اقدامی قتال ہوگا؟

اس کے بعد وہ لوگ آتے ہیں جواللہ کے دین اوراسکے اولیاء سے جنگ کرنے والے ان محاربین کی طرف سے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اپنے باطل کوبلند کرسکیں۔وہ یہ زعم رکھتے ہیں کہ حجت ان کے اوپر قائم نہیں ہے !! یہ بات ایسی جہالت ہے جواللہ کے اس قول کے ساتھ ٹکراتی ہے ﴿قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ﴾فرمادیجیے کہ اللہ ہی کے لیے ہے حجتِ بالغہ۔

اسی لیے نبی علیہ السلام نے اس آدمی کوجواب دیاکہ جس نے اپنے والد کے متعلق پوچھاتھا «إِنَّ أَبِي وَأَبَاكَ فِي النَّارِ »میرااور تیراوالد جہنم میں ہیں (رواہ مسلم)جبکہ یہ وہ لوگ تھے جن کے متعلق اللہ نے فرمایا﴿لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ﴾تاکہ توڈرائے اس قوم کو جن

کے آباء کو ڈرایا نہیں گیا پس وہ غافل ہیں۔ یہ سب اس لیے ہے کہ اللہ نے توحید اور شرک سے خبرداری کے لیے اپنی حجت بالغہ قائم کر دی ہے جیسے کہ اوپر ذکر ہوا۔

اس کے ساتھ وہ بھی آتے ہیں جو دین میں سوائے اس کے نام کے اور اس کے رستوں میں سوائے شکل کے کچھ نہیں جانتے ..... ایسے لوگوں کے متعلق مطالبہ کیا جاتا ہے کہ باب شرک مبین اور توحید میں ان پر حجت قائم کی جائے ..... جبکہ توحید کی خاطر ہی رسولوں، کتابوں اور ساری متواتر دلیلوں کا سلسلہ جاری کیا گیا۔

اسی لیے اس مسئلہ میں بعض آیات کو ان کے غیر مناسب مقام پر رکھ کے شبہہ پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جیسے اللہ نے فرمایا﴿ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولًا ﴾اور ہم عذاب نازل نہیں کرتے جب تک رسول نہ بھیجیں۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہر باب میں کوئی تکفیر نہیں ہو گی مگر حجت قائم کرنے کے بعد۔ جب کہ آیت میں ان کے فاسد قول پر کوئی دلیل نہیں۔ اللہ عزوجل نے ہر گز یہ نہیں کہا'' وما کنا مکفرین حتی نبعث رسولاً''۔

بلکہ اللہ نے فرمایا ﴿مُعَذِّبِينَ﴾ اور مقصود یہاں دنیاوی عذاب کا پہنچانا ہے۔ جیسے کہ اللہ فرماتے ہیں﴿وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَىٰ حَتَّىٰ يَبْعَثَ فِي أُمِّهَا رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا﴾اور نہیں ہے تیرا رب ہلاک کرنے والا بستیوں کو جب تک ان میں رسول نہ بھیج دے جو ان میں ہماری آیات تلاوت کریں۔ یا جیسے آخرت کا عذاب۔ اللہ فرماتے ہیں ﴿كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ قَالُوا بَلَى﴾جب بھی جہنم میں کوئی فوج (گروہ) ڈالی جائے گی تو داروغے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا نہ آیا تھا۔ وہ کہیں گے (کیوں نہیں) ضرور آیا تھا۔

یہاں تکفیر مراد نہیں ہے خصوصاً شرک اکبر اور غیر اللہ کی عبادت میں . کیونکہ کافر یا تو منکر و معاند ہوتا ہے جیسے﴿الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ ﴾ کہ جنہوں نے حق کو جان لیا اور پھر بھی اس کے ساتھ کفر کیا، یا پھر وہ جاہل کافر ہوتا ہے یا گمراہ جیسے﴿الضَّالِّينَ﴾ جنہیں ان کے علماء کے دھوکہ میں ڈال دیا۔

ہر کافر کا کفر علم و حق کے انکار کے ساتھ نہیں ہوتا بلکہ اکثر کفار جاہل و گمراہ ہوتے ہیں اور انہیں اپنے آباء، رئیسوں اور سرداروں کی تقلید جہنم تک پہنچاتی ہے اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ شاید اچھا کام کر رہے ہیں۔

جبکہ شرک اکبر کے صریح باب میں اللہ نے اپنی حجتِ بالغہ قائم کر دی ہے .....پس کسی جاہل کے لیے کوئی عذر نہیں کیونکہ اس کی جہالت دین سے اعراض برتنے اور اس اہم چیز کا علم حاصل نہ کرنے سے عبارت ہے جس کے لیے وہ پیدا کیا گیا۔ نہ کہ اس کی جہالت ایسی ہے کہ اس پر حجت قائم نہیں ہوئی۔

زید بن عمرو بن نفیل کے قصہ میں عبرت کے اسباق ہیں۔ انہوں نے توحید کو قائم کیا جبکہ ان کے زمانے میں کوئی رسول مبعوث نہ ہوئے تھے۔ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل کی بات ہے۔ وہ اس قوم میں سے تھے جن کے متعلق اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا﴿لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أُنذِرَ آبَاؤُ هُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ﴾ تاکہ آپ ایسی قوم کو ڈرا دیں جس کے آباء کو نہیں ڈرایا گیا، پس وہ غفلت میں ہیں۔ لیکن اس کے باجود زید دینِ حنیف اور ملتِ ابراہیم علیہ السلام پر تھے۔ وہ اپنی فطرت سے ہی توحید کی طرف راغب تھے۔ اس لیے وہ اپنی قوم کے طواغیت سے برأت کا اظہار کرتے اور ان سے اجتناب کرتے تھے اور یہی ان کی نجات کے لیے کافی تھا۔ نبی علیہ السلام نے خبر دی کہ وہ اکیلے ایک امت کی صورت میں اٹھائے جائیں گے۔ نبی علیہ السلام نے انہیں دیکھا بھی تھا۔ ایک روز ان کے پاس بتوں کے نام کا ذبح کیا ہوا گوشت بھیجا گیا تو انہوں نے کھانے سے انکار کر دیا اور کہا (انی لست اکل مما تذبحون علی انصابکم) میں اسے نہیں کھاؤں گا جو تم اپنے بتوں (کعبہ کے ارد گرد کھڑے کیے گئے پتھر) کے لیے ذبح کرتے ہو۔ وہ قریش کے ذبیحہ پر عیب لگایا کرتے تھے اور کہتے (الشَّاةُ خَلَقَهَا اللَّهُ، وَأَنْزَلَ لَهَا مِنَ السَّمَاءِ المَاءَ، وَأَنْبَتَ لَهَا مِنَ الأَرْضِ، ثُمَّ تَذْبَحُونَهَا عَلَى غَيْرِ اسْمِ اللَّهِ، إِنْكَارًا لِذَلِكَ) بکری کو اللہ نے پیدا کیا اور اسکے لیے آسمان سے پانی برسایا، زمین سے نباتات اگائیں پھر تم اسے اللہ کا انکار کرتے ہوئے غیر اللہ کے نام پر ذبح کرتے ہو۔ (اسے بخاری نے روایت کیا)۔ پس غور کرو

کہ کیسے توحید فطرت میں رکھ دی گئی ہے جب کہ شرک ایسی چیز ہے جسے لوگوں نے اختراع وانحراف سے حاصل کیا ہے۔

پس یہ ایک ایسا آدمی ہے جس کے پاس اس کے زمانے میں کوئی خاص نبی نہیں آیا اور اس کے باوجود اس نے توحید کو پہچانا اور نجات پا گیا اور شریعت کی تفاصیل وعبادات سے معذور کر دیا گیا جو کہ رسالت کی حجت سے ہی معلوم ہوتی ہیں۔ پس وہ کہا کرتے تھے جیسے کہ سیرت ابن اسحق میں ہے (اللھم لو اعلم احب الوجوہ الیک لعبدتک بہ ولکنی لا اعلمہ ثم یسجد علی الارض براحتہ) اے اللہ اگر میں تیری عبادت کا تجھے کوئی پسندیدہ طریقہ جانتا ہوتا تو میں اس کے ساتھ تیری عبادت کرتا لیکن میں اسے نہیں جانتا، پھر وہ اپنی ہتھیلیوں پر سجدہ کرتے۔ وہ باقی تمام شرائع جیسے نماز روزہ وغیرہ سے معذور کر دیے گئے جو رسول کے ذریعہ ہی معلوم ہوتی ہیں، جبکہ ان کے اہلِ زمانہ کو معذور نہیں سمجھا گیا۔

اس معنٰی پر اچھی طرح غور کرو .....(باب العذر بالجھل) علماء نے اس میں بہت عمیق کلام کیا ہے اور کوئی بھی اسے صحیح طرح اس وقت تک نہیں سمجھ سکتا جب تک اس کی دونوں جانب کو صحیح طرح نہ سمجھے۔ لیکن جو اس میں سے صرف ایک نص لیکر اسی پر بڑے بڑے مسائل کی بنیاد رکھ دیتا ہے تو وہ حق وصواب سے بہت دور ہے۔

اس کے بعد یہ بات جان لے کہ موجودہ طواغیت اور ان کے انصار کا کفر اس حجت کا متحمل نہیں کہ انہیں رسالت کی حجت نہیں پہنچی۔ آپ کو خاتم الرسل مبعوث کیا گیا ہے اور آپ کے بعد کوئی رسول نہیں اور اللہ کی کتاب جس کے اندر انذار کیا گیا ہے وہ محفوظ ہے جس کے اندر کسی جانب سے باطل نہیں داخل ہو سکتا۔ آج بھی کتاب لوگوں کے پاس موجود ہے لیکن وہ دنیاوی زندگی کو ترجیح دیتے ہیں، حق کی طلب اور اسکی اتباع سے اعراض کرتے ہیں۔ پس ان کے کفر کا سبب کفرِ ''اعراض'' ہے نہ کہ عدمِ ابلاغ حجتِ رسالت!!

پھر یہ بات بھی اچھی طرح جان لینی چاہیے کہ وہ لوگ جنہوں نے اپنے علماء وراہبوں کو اللہ کے علاوہ رب بنالیا تھا وہ اس بات سے جاہل تھے کہ تشریع (قانون سازی) میں اطاعت کرنا شرک ہے جیسا کہ حدیث عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ میں ہے۔ جب انہوں نے کہا (ماعبدو هم) انہوں نے کبھی بتوں کی عبادت نہ کی تھی۔ وہ نہ جانتے تھے کہ حلال وحرام کرنے اور شریعت بنانے میں اطاعت کرنا عبادت ہے اور پھر ان کا یہ عمل غیر اللہ کی طرف پھیر دیا گیا یعنی وہ اللہ کے علاوہ رب بنائے ہوئے ہیں اور اس میں جہل کا انہیں کوئی عذر نہ دیا گیا۔

کیونکہ یہ امر ہی فطرت کے منافی ہے۔ وہ اللہ جس نے پیدا کیا، رزق دیا اور تدبیر کی، کیا اسکے علاوہ بھی کسی کے لیے جائز ہے کہ وہ شریعت سازی کرے اور حکم دے؟۔ اللہ نے تمام انبیاء کو اور اپنی کتب کو صرف اپنے لیے عبادت کو خاص کرنے کی خاطر مبعوث فرمایا تاکہ اسے حکم میں یکتا مانا جائے اور اس کے علاوہ کی عبادت سے اجتناب کیا جائے۔

پھر ہمارے زمانے میں یہ معاملہ تو بالکل واضح ہے۔ اس افسر سے، اُس پولیس والے سے۔ انٹیلی جنس والے اور دوسرے سے پوچھیے ..... تمہارا دین کیا ہے؟؟ ..... باوجود اس کے کہ اس کا دین اسلام ہے، اسکی کتاب قرآن ہے اور اسے وہ صبح شام تلاوت بھی کرتا ہے تاکہ اس پر حجت مضبوط ہو جائے، لیکن اس کے ساتھ ..... وہ اسلام اور قرآن کو رسوا بھی کرتا ہے ..... ہر وہ شخص جو اسلام وقرآن کی حکومت چاہتا ہے اور اسکی نصرت کرتا ہے ..... وہ اس پر حکم چلاتا ہے، اسے جیل میں ڈالتا ہے اور اس کی جاسوسی کرتا اور ہر اس شخص کے خلاف جنگ کرتا ہے جو توحید اور شرک سے برات وانکار کی دعوت دیتا ہے۔ جب کہ اس سب کے بالمقابل وہ طاغوت کی شریعت اور اسکے وضعی قانون ودستور کی نصرت کرتا ہے، جس نے شریعت اسلام کو کالعدم قرار دے رکھا ہے۔ کیا کسی بھی اسلام کا دعویٰ کرنے والے پر اس امر کا اسلام کے منافی ہونا مخفی ہے؟؟ ..... کیا یہ معاملہ اس قدر مشتبہ ہے کہ کہا جائے ''کہ اس پر حجت قائم نہیں ہوئی؟!!۔

اللہ کی قسم یہ معاملہ تو..... چڑھے سورج کی طرح واضح ہے!!!

پس اس میں دو ہی فریق ہیں جن کا آپس میں جھگڑا ہے .....شرک کی صف اور توحید کی صف.....وضعی قانون کی صف .....اور شریعتِ مطہرہ کی صف۔ جب اس قوم نے اپنے ارادۂ محض اور عقلی اختیار کے ساتھ آخرت کے بدلے طاغوت کی صف کو چن رکھا ہے .....یا اسکی محبت میں یا دنیا کی زندگی، تنخواہوں اور عہدوں کی محبت میں۔ یہ لوگ اسی طاغوت کی راہ میں قتال کرتے ہیں، اسی کی نصرت کرتے اور طاغوت سے اجتناب کرنے والے اہلِ توحید سے جنگ کرتے ہیں .....﴿الَّذِينَ آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ﴾ وہ لوگ جو ایمان والے ہیں وہ اللہ کی راہ میں اور جو کافر ہیں وہ طاغوت کی راہ میں قتال کرتے ہیں۔

اسی لیے یہ فوجی قیامت کے دن جب اہلِ توحید کی کامیابی اور اہلِ شرک کی شکست کو دیکھ لیں گے تو کہیں گے ﴿وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا﴾ اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنے بڑوں کی پیروی کی تو انہوں نے ہمیں گمراہی کے رستے پر ڈال دیا۔ اے ہمارے رب انہیں دوہرا عذاب دے اور ان پر بڑی لعنت کر۔ پس اس آیت میں غور کرو ﴿فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا﴾ تو انہوں نے ہمیں گمراہی کے رستے ڈال دیا..... کیا وہ جہل کے سبب معذور کیے گئے ؟؟

اللہ تعالیٰ بہت سے کفار کا حال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں ﴿يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا﴾ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں اور ایک جگہ فرمایا ﴿يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ مُهْتَدُونَ﴾ وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں۔ اسی طرح ﴿وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ﴾ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا ہر کام درست ہے۔ ..... لیکن یہ سب انہیں نفع نہیں دے سکا کیونکہ انہوں نے ایک ایسے ظاہر وواضح امر کی نفی کی جس پر اللہ نے اپنی حجتِ بالغہ قائم کی اور اس کے لیے تمام رسولوں کو مبعوث فرمایا۔ لیکن اگر ان لوگوں کا حال کسی مشتبہ اور مختلف فیہ معاملہ میں ایسا ہوتا تو ان کا حال کچھ اور ہوتا!!!۔ اس باب میں کلام بہت طویل ہے اور اہلِ علم نے اس میں فصول قائم کی ہیں۔ پس جس کا ارادہ ہدایت ہے اس کے لیے اسی قدر میں کفایت ہے!!

دوسرا اعتراض.....اِکراہ، کمزوری اور رزق!!

بعض لوگ ان میں سے یہ کہتے ہیں کہ وہ اس کام پر مجبور ہیں کہ اگر وہ کام چھوڑ دیں تو ان کے پاس اس کا کوئی نعم البدل نہیں ..... بعض کہتے کہ بہت سے فوجی ان طواغیت سے نفرت کرتے ہیں بلکہ بعض تو انہیں کافر بھی سمجھتے ہیں اور ان کے کفریہ قانون سے برات بھی کرتے ہیں اور اپنے دلوں میں وہ طاغوت سے بغض بھی رکھتے ہیں لیکن رزق روزی اور تنخواہ ان کی مجبوری ہے جبکہ بعض کی ریٹائرمنٹ میں چند سال ہی باقی رہ گئے ہیں!!!

مجبوری واکراہ کو بہانہ سمجھنے والے ان لوگوں سے ہم ایک سوال کریں گے؟ ..... کیا وہ شخص اللہ کے دین میں مجبور ومکرہ سمجھا جائے گا جو..... جو خود اس عہدہ کو اختیار کرے اور اس کے قاعدے قانون پر موافقت کرے ..... پھر دسیوں سال اس عمل میں گذارے کہ ہر صبح کام پر جائے اور ظہر کے وقت لوٹ آئے..... اس پر وہ تنخواہیں، کپڑے اور ترقیاں وعہدے حاصل کرتا رہے؟؟؟

اکراہ کی دلیل یہ آیت ہے ﴿مَن كَفَرَ بِاللَّهِ مِن بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ﴾ جس نے ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کفر کیا لیکن وہ شخص جو اکراہ کے تحت تھا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا۔ علمائے اسلام نے اکراہ کے صحیح ہونے کی شروط ذکر کی ہیں جو ذیل ہیں.....

(۱)..... یہ کہ مکرِہ (مجبور کرنے والا) جس بات کی دھمکی دے رہا ہے اسے نافذ کرنے پر قدرت رکھتا ہو اور مکرَہ (مجبوری کیا جانے والا) اپنا دفاع کرنے سے اور فرار ہونے سے بھی عاجز ہو۔

(۲)..... یہ کہ مجبور کیے جانے والے (مکرَہ) کا گمان ہو کہ اگر اس نے وہ کام نہ کیا تو جو دھمکی اسے دی جارہی ہے تو وہ نافذ ہو جائے گی۔

(۳) مکرَہ پر ایسی بات ظاہر نہ ہو جو اس کے غفلت برتنے پر دلالت کرے یعنی وہ ایسی زیادہ باتیں بنائے جس سے یہ بلا اس سے ٹل سکتی ہو۔

(۴) جب اسے کلمہ کفر کہنے کے لیے دھمکی دی جارہی ہو تو ایسی ہو کہ جس کی اسے طاقت نہ ہو مثلاً شدید تکلیف والے افعال، اعضاء کا کاٹنا، آگ سے جلانا اور قتل وغیرہ۔ (یہ اس سبب کہ جس کے باعث یہ آیت نازل ہوئی وہ عمار رضی اللہ عنہ ہیں، انہوں نے کوئی بات نہ کہی یہاں تک کہ ان کے والد کو قتل کر دیا گیا اور ان کی پسلیاں توڑ دی گئیں اور اللہ کی راہ میں انہیں شدید ترین عذاب سے دوچار ہونا پڑا)۔

(۵)..... کہ جونہی اس سے یہ اکراہ زائل ہو جائے وہ فوراً اپنے اسلام کا اظہار کرے، پس اگر وہ اسلام کا اظہار کرے تو اسلام پر باقی اور مسلمان ہے اور اگر کفر کا اظہار کرے اور اس کلمہ کے بولنے کے ساتھ ہی وہ کافر ہو جائے گا۔

یہاں ایک اہم بات کا لحاظ کرنا بھی ضروری ہے کہ ایسا شخص جس پر دلیل قائم ہو جائے کہ اس نے کلمہ کفر کہا تھا جبکہ وہ جیل میں تھا اور دشمن کے دباؤ کے تحت تھا تو اس کے ارتداد کا حکم نہیں لگایا جائے گا لیکن جس پر یہ دلیل قائم ہو گئی کہ اس نے ایسا امن کی حالت میں کہا تو اس کے ارتداد کا حکم لگایا جائے گا۔ اس کے ساتھ دوسری اہم تنبیہ یہ ہے کہ جب اکراہ اس بات پر ہو کہ کفر پر قائم رہنا اور اسی کو جاری رکھنا ہے. تو یہ کسی صورت بھی جائز نہیں اس لیے اہلِ علم نے اس میں اور اوپر مذکور اکراہ میں فرق کیا ہے (الرسالۃ الثلاثینیہ 61.62)۔

وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں ..... کہ ہم طاغوت کو پسند نہیں کرتے بلکہ اسکی مذمت کرتے ہیں اور اللہ کی طرف اس سے برات کرتے ہیں..... اور اس جیسے سابقہ شبہات وارد کرتے ہیں !!!

ہم انہیں کہیں گے کہ اہل السنۃ والجماعۃ کا اہل زیغ وضلال کے ساتھ واضح فرق یہ ہے کہ ایمان اہل السنۃ کے نزدیک زبان کے ساتھ اقرار اور اعضاء کے ساتھ عمل کا نام ہے اور اس سے مراد فقط دل کا اعتقاد نہیں ہے۔

پس طاغوت کے ساتھ کفر لازمی طور پر ظاہر و باطن میں ہونا چاہیے۔اسی لیے ہمیں شریعت میں ظاہر پر حکم لگانے اور دلوں کے غیبی امور کی عدم تلاش کا حکم دیا گیا ہے جسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا!!!

پس ایک منافق جو ہمارے لیے ایمان کو اور کفر بالطاغوت کو ظاہر کرے، شریعت کا التزام کرے لیکن باطن میں کفر اور شریعت سے بغض رکھتا ہو تو ہمیں ایسے شخص کے ظاہر کے ساتھ معاملہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور اس کے باطن کے ساتھ ہمیں کوئی دخل نہیں۔اسی لیے اسے مسلمانوں میں شمار کیا جاتا ہے،اس کا خون،مال محفوظ رکھا جاتا اور اس کا حساب اللہ پر چھوڑا جاتا ہے جیسے کہ اللہ جل جلالہ نے فرمایا﴿إِنَّ الْمُنَافِقِينَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ﴾بے شک منافقین جہنم کے سب سے نچلے درجے میں ہوں گے۔

اسی طرح وہ شخص جو یہ زعم رکھتا ہے کہ وہ مومن ہے اور اس کے دل میں طاغوت کا انکار ہے.....لیکن اس کا ظاہر اس کے عمل کو جھٹلاتا ہے.....کہ وہ شرک کی افواج کا مددگار،ان کی تعداد میں اضافہ کا باعث اور ان کے قانون کی حفاظت کرنے والا ہے .....جبکہ طاغوت کے انکار کا حکم اللہ نے دیا ہے.....یہ اس سے دوستیاں لگاتا اور مسلمانوں کے خلاف اس کی مدد کرتا ہے .....تو ہم اس کے ظاہر پر ہی حکم لگائیں گے کیونکہ حدیث کے مطابق ہمیں لوگوں کے دل چیر کر دیکھنے کا حکم نہیں دیا گیا۔

اسی لیے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا ،جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے (إِنَّ أُنَاسًا كَانُوا يُؤْخَذُونَ بِالوَحْيِ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّ الوَحْيَ قَدِ انْقَطَعَ، وَإِنَّمَا نَأْخُذُكُمُ الآنَ بِمَا ظَهَرَ لَنَا مِنْ أَعْمَالِكُمْ، فَمَنْ أَظْهَرَ لَنَا خَيْرًا، أَمِنَّاهُ، وَقَرَّبْنَاهُ، وَلَيْسَ إِلَيْنَا مِنْ سَرِيرَتِهِ شَيْءٌ اللَّهُ يُحَاسِبُهُ فِي سَرِيرَتِهِ، وَمَنْ أَظْهَرَ لَنَا سُوءًا لَمْ نَأْمَنْهُ، وَلَمْ نُصَدِّقْهُ، وَإِنْ قَالَ : إِنَّ سَرِيرَتَهُ حَسَنَةٌ)کچھ لوگ جو عہدِ رسالت میں تعلیماتِ وحی پر کاربند تھے،تو جس کا ظاہر ہمارے لئے خیر ہوتا تو اسے ہم قریب کرتے اور اسکی تصدیق کرتے اور اسکے باطن کا ہمیں کوئی واسطہ نہ ہوتا اور اس کا باطن اللہ کے سپرد ہے اور جو کوئی ہمارے لیے اس کے خلاف ظاہر ہو تو ہم اس کی تصدیق نہیں کرتے چاہے وہ کہے کہ اس کا باطن اچھا ہے۔

اسی طرح صحیح بخاری میں اس جیش کی خبر بھی ہے جو کعبہ پر حملہ آور ہو گا تو اللہ اسکے شروع وآخر کے تمام لوگوں کو زمین میں دھنسادیں گے جبکہ ان میں ایسے بھی ہوں گے جو مجبور وغیرہ نہ ہوں گے۔اس میں اس مسئلہ کی وضاحت ہے۔اس لیے جب ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ اسے سوال کیا کہ ان لوگوں کا کیا حکم ہو گا جو محض ان کی تعداد بڑھانے کے لیے نکلے جب کہ مومنوں کے ساتھ قتال کی انکی نیت نہ تھی تو آپ نے فرمایا (یُھْلِکُوْنَ مُھْلِکًا وَ احِدًا و یُبْعَثُوْنَ عَلٰی نِیَّاتِھِمْ) وہ آنِ واحد میں اکٹھے ہلاک کر دیے جائیں گے اور روزِ قیامت اپنی نیتوں پر اٹھائے جائیں گے۔

اس کے متعلق شیخ الاسلام ابنِ تیمیہ کہتے ہیں . جبکہ وہ تاتاری لشکری اور تاتاری دستور کی بات کرتے ہیں کہ ان میں نمازی بھی تھے جو یہ زعم رکھتے تھے کہ وہ مکرَہ ہیں .....''اللہ تعالیٰ نے اس پورے لشکر کو ہلاکت کا وعدہ کیا جو اسکی حرمات پر حملہ آور ہو .....اس کے اندر موجود مکرِہ ومکرَہ سمیت .....جبکہ اللہ خود ان میں فرق کی قدرت رکھتے ہیں اور انہیں اپنی نیتوں پر اٹھائیں گے۔تو پھر مومنوں پر کیسے واجب ہے کہ وہ اس کا فرق کریں جسے وہ جانتے ہی نہیں''۔

میں کہتا ہوں کہ ہمارے لیے یہ کیسے ممکن ہے جب کہ ہمارے اوپر تو صرف ظاہر کا حکم ہی دیکھنا ہے!!۔یہ صف اہلِ اسلام کے خلاف جنگ کرنے والوں کے ساتھ نکلی ہے تاکہ اہلِ کفر کی جماعت زیادہ ہو،شر اور بتوں کی مدد ہو تو جو دنیا میں ظاہراً ان کے ساتھ دوستی لگاتا ہے اس کا حکم انہیں کافروں کا حکم ہے اور آخرت کا حکم ہم نہیں لگا سکتے۔

اسی بات پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ معاملہ دلالت کرتا جب وہ غزوہ بدر میں قید ہو کر آئے۔تو وہ یہ زعم رکھتے تھے کہ وہ مسلمان ہیں اور اکراہ کے ساتھ نکالے گئے ہیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا (اَمَّا سَرِیْرَتُکَ فَاِلَی اللّٰہِ وَاَمَّا ظَاھِرُکَ فَلَنَا) جہاں تک تیرا باطنی معاملہ ہے تو وہ اللہ کی طرف ہے اور جہاں تک تیرا ظاہری معاملہ ہے تو اس کے ہم مسئول ہیں(اسے امام احمد نے روایت کیا اور اس میں ایک روای کا نام معلوم نہیں۔ لیکن اصل قصہ صحیح بخاری میں موجود ہے) اور اس میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ دوسرے

مشرکین کی طرح اپنے نفس کا فدیہ ادا کریں اور ان کے ساتھ اس جیسا معاملہ کیا جو مشرکین کی صفوں کی زیادتی کے لیے نکلا تھا۔اس لیے یہی معاملہ ہم شرک کے مددگار اور قانونِ وضعی کے فوجیوں کے ساتھ کریں گے۔

کیا ہمارے لیے وہ بھی ممکن نہیں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیلے ا ممکن تھا جبکہ آپ سب سے زیادہ تقویٰ والے، سب سے زیادہ اللہ کا خوف رکھنے والے اور لوگوں کی تکفیر میں سب سے زیادہ محتاط تھے!!!۔جو کوئی بھی ان لوگوں کے حال کے بارے میں غور وخوض کرے گا، وہ دیکھے گا کہ وہ کسی بھی حال میں مجبور نہیں ہیں۔بلکہ ان کے اعمال وعہدے ہی ہیں جن کے سبب وہ آپس میں فخر کرتے اور انہی کی بنیاد پر تنخواہیں اور ترقیاں حاصل کرتے ہیں۔پھر یہ کیسی اکراہ ہے کہ جس کا شکار فرد اجرت بھی لیتا ہے اور بیس بیس سالوں تک شرک کی مدد ونصرت کرتا رہتا ہے۔

اگر وہ کمزوری کے ساتھ معذور سمجھے جائیں.....

تو ان سے پہلے ایک قوم بھی کمزوری کے باعث معذور سمجھی گئی اور وہ ایسے لوگ تھے جو مکہ میں تھے اور انہوں نے اسلام بھی قبول کر لیا تھا لیکن مشرکین کی صفو ں کو چھوڑ کر اہلِ توحید کی صفوں کی طرف نہ آئے تھے۔جب غزوہ بدر کا دن آیا تو مشرکوں نے انہیں پہلی صفوں کے ساتھ نکالا .....تو غور کریں کہ وہ تو صرف ان کے ساتھ ایسے ہی نکل کھڑے ہوئے جبکہ وہ ان کے لشکر میں نہ داخل تھے اور نہ ہی رغبت رکھتے تھے، نہ اس پر تنخواہ لینے والے تھے جیسے کہ ان لوگوں کا حال ہے۔اس سب کے باجود اللہ عزوجل نے ان کے متعلق واضح قرآن نازل کیا جو بیان کرتا ہے کہ وہ معذور نہیں ہیں اور نہ ہی وہ کمزور ہیں۔اللہ فرماتے ہیں ﴿إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنتُمْ﴾ بے شک وہ لوگ کہ جب فرشتوں نے ان کی روحوں کو قبض کیا اور پوچھا تم کن لوگوں میں تھے؟

یعنی تم کن لوگوں کی صف میں تھے .....کیا توحید وشریعت کی صف میں تھے یا شرکی، کفری ودستوری اور وضعی قانون کی صف میں تھے؟!۔جسکا صحیح وواضح جواب یہ تھا کہ وہ کہتے ''کہ ہم مشرکین

کی صف میں تھے '' لیکن جب انہوں نے اس صف کی ہلاکت کا معائنہ کیا تو اس جواب کو یہ گمان کرتے ہوئے عذر و کمزوری کی طرف موڑ دیا کہ یہ کفر و شرک سے برأت میں انہیں نجات دے گا۔

پس دیکھو کہ کیسے طاغوت سے برأت کی تگ ودو کرنے لگے جسکی صف میں داخلے کے پہلے لمحے کے ساتھ ہی وہ ہلاکت کا شکار ہو گئے . کیونکہ انہوں نے اس اہم ترین پہلو سے اہمال برتا اور اسی امر نے انہیں ہلاکت میں مبتلا کر دیا۔ لیکن کیا یہ سب انہیں فائدہ دے سکا جب کہ وہ مشرکین کی صف میں مر گئے اور اس سے علیحدہ نہ ہوئے.....پس غور کرو کہ وہ فرشتوں کو کیا جواب دیتے ہیں.....﴿فِيمَ كُنتُمْ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ﴾ کہ تم کہاں تھے، وہ کہنے لگے ہم زمین میں بڑے کمزور تھے !!

یہی ان کی حجت رہی جسے انہوں نے کفر سے وراثت میں لیا ﴿أَتَوَاصَوْا بِهِ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ﴾ کیا یہ اس بات کی ایک دوسرے کو وصیت کرتے گئے ہیں، نہیں بلکہ یہ سب کے سب سرکش ہیں۔ جب بھی ہم انہیں توحید کی طرف اور شرک سے برأت کی دعوت دیتے ہیں وہ ہمیشہ ہمیں ایسا ہی جواب دیتے ہیں۔ اسی طرح جب ہم دین میں ان کا حکم بیان کرتے ہیں تو جھگڑالو ہم سے جھگڑتے ہیں۔﴿كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ﴾ ہم زمین میں کمزور تھے، تنخواہیں،.....گھر.....رزق.....تو کیا ان کے ایسے بہانے قبول ہوں گے !!!

فرشتوں کے جواب پر غور کریں کہ کیسے انہوں نے تنبیہ کی ﴿قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَسَاءَتْ مَصِيرًا﴾ کہنے لگے کیا اللہ کی زمین وسیع نہیں تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے، پس یہی وہ لوگ ہیں کہ ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور کیا ہی برا ٹھکانہ ہے۔.....یعنی رزق کے دروازے وسیع نہیں تھے تو تم ہجرت کرتے .....اس مشرک صف سے دوسری صف کی طرف !!!

چیونٹی کو کون رزق دیتا ہے .....شہد کی مکھی کہاں سے رزق لیتی ہے .....پرندے اور چوپائے ، مشرکین اور کفار کہاں سے رزق پاتے ہیں۔ کیا تو سمجھتا ہے کہ وہ اللہ، متقی وابرار لوگوں کو رزق دینے

سے عاجز ہے جو مشرکین سے مفارقت محض اس کی محبت میں اختیار کرتے ہیں۔ ﴿تَعَالَى اللَّهُ عُلُوًّا كَبِيرًا عَمَّا يَصِفُونَ﴾.....!!

اس کے ساتھ اللہ کی تہدید و وعید پر بھی غور کرو جو ایسے لوگوں کے لیے وارد ہوئی ﴿فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَسَاءَتْ مَصِيرًا﴾ پس یہی لوگ ہیں کہ ان کا ٹھکانہ جہنم ہے اور کیا ہی برا ٹھکانہ ہے۔ یہ معلوم ہے کہ وہ مشرکوں کے لشکر کا ساتھ دینے اور اپنے اختیار سے نہ نکلے تھے لیکن انہوں ہجرت کے معاملے میں سستی سے کام لیا تھا اور جب انہوں نے اس معاملے میں غفلت کا مظاہرہ کیا تو وہ موحدین کی صفوں کی طرف نکلنے سے پیچھے رہ گئے۔

اس آیت کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا ﴿إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَلَا يَهْتَدُونَ سَبِيلًا فَأُولَٰئِكَ عَسَى اللَّهُ أَن يَعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللَّهُ عَفُوًّا غَفُورًا رَّحِيمًا﴾ مگر جو مرد عورتیں اور بچے بے بس ہیں جنہیں نہ تو کسی چارۂ کار کی طاقت اور نہ کسی راستے کا علم ہے۔ بہت ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے درگذر کرے، اللہ تعالیٰ درگذر کرنے والا معاف فرمانے والا ہے۔ پس اللہ نے کمزوری کو عذر تسلیم نہیں کیا سوائے اس کے جو نکلنے کا حیلہ کرنے سے اور کفار کی صف سے فرار ہونے سے بھی عاجز ہو۔ مثلاً یہ کہ وہ زخمی ہو، عاجز ہو جیسے قید میں یا گھیرے میں، جہاں اسے ہجرت اور مسلم صف کی طرف فرار کا کوئی رستہ نہ ملے یا یہ کہ کوئی عورت ہو، بچہ ہو یا بوڑھا ہو!!!

اس کے بعد کی آیت میں اللہ نے ان صفوں سے ہجرت و فرار کی ترغیب دلائی ہے اور ایسا کرنے والوں کو وافر و وسیع رزق کا وعدہ کیا ہے۔ پس جو کسی چیز کو اللہ کے لیے چھوڑتا ہے تو اللہ اسے اس کا بہتر نعم البدل عطاء فرماتا ہے۔ تاکہ قوم کی تمام بے کار دلیلوں کا رد کیا جائے، اللہ فرماتے ہیں ﴿وَمَن يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً﴾ اور جو کوئی اللہ کی راہ میں ہجرت کے لیے نکلے گا تو وہ زمین میں وسعت و فراخی پالے گا۔ جیسے کہ اللہ نے ایک اور مقام پر مومنوں کو دعوت دیتے ہوئے فرمایا ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ إِن شَاءَ ۚ إِنَّ اللَّهَ

عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴾اور اگر تمہیں تنگ دستی کا خوف ہے تو عنقریب اگر اللہ نے چاہا تو وہ تمہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا بے شک اللہ علم و حکیم ہے۔

مجاہدین کے لیے وصیتیں!!

مجرد خوبصورت افکار اور حقیقتِ واقعہ میں فرق کریں!!

جب لوگ جہاد کے متعلق بات کرتے ہیں ..... تو یہ بہت خوبصورت کلمہ ہے ..... الجہاد فی سبیل اللہ..... لیکن حقیقت اپنی تمام شکلوں میں اتنی خوبصورت نہیں ہوتی۔ پس جہاد سے مراد لچھے دار تقریریں نہیں ..... نہ ہی جہاد چند خوبصورت کلمات کہہ دینے سے عبارت ہے ..... نہ ہی جہاد میں ہر وقت غنیمتیں ہی ہوتی ہیں ..... اور نہ ہی ہر وقت نصرت و فتح ہوتی ہے۔ بلکہ جہاد میں مشقت اور مشقتِ عظیم ہے..... پھر اس میں لشکروں کا اختلاط اور لوگوں کے درمیان جھگڑے بھی ہوتے ہیں۔ فلاں نے اس کیساتھ جھگڑا کیا، فلاں نے فلاں کو مارا ..... فلاں کا مسئلہ ہو گیا..... یہ ایک بشری مسئلہ ہے اس میں اجتہاد و خطاء بھی ہے۔ اس میں تاویل بھی ہے جو دوسری تاویلات پر حاوی ہو جاتی ہے ..... پس مجرد خوبصورت افکار اور حقیقتِ واقعہ میں فرق کرنا بہت ضروری ہے۔

اگر ہم لوگوں کے ''اسلامی خلافت'' کے بارے میں تصور کو دیکھیں تو ہمیں نظر آتا ہے کہ وہ خوابوں کی دنیا میں رہ رہے ہیں ..... جہاں ہر تصویر خوبصورت ہے، اڑتے ہوئے قالین ہیں..... بکھرتے رنگ ہیں..... اور آسمان سے ہر وقت مدد نازل ہوتی رہتی ہے اور ہر چیز کا منبع قوت سے بھرا ہے۔ ہمارے دشمن بھی اس بات سے خائف ہیں کیونکہ وہ ہمارے قتال میں فرشتوں کے نزول کی باتیں اچھی طرح جانتے ہیں۔ پس سبھی یہ تصور کرتے ہیں کہ اسلام کی حکومت ایسی ہو گی کہ اس میں کوئی فقیر اور مریض نہ ہو گا اور ہر بندہ جو طلب کرے گا اس کے سامنے آموجود ہو گا۔ لیکن اگر ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک کی طرف نظر ڈالیں تو یہ خیالی جنت ہمیں وہاں بھی نظر نہیں آئے گی۔ بلکہ ہم دیکھتے ہیں کہ صحابہ کی تکالیف مدینہ میں ان کی مکہ میں تکالیف سے بھی زیادہ تھی۔

تو کیا صحابہ کے ساتھ جو مدینہ میں پیش آیا وہ مکہ میں بھی پیش آیا تھا۔ جب انہیں غزوہ خندق پیش آیا﴿إِذْ جَاءُوكُم مِّن فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللَّهِ الظُّنُونَا هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا﴾ جب وہ (افواجِ قریش) تمہارے اوپر اور نیچے کے علاقوں سے بھی آ گئیں، جب آنکھیں پتھرا گئیں اور دل حلق کو آ گئے، اس وقت مومنوں کی آزمائش کر لی گئی اور انہیں زلزلے کے ساتھ دہلا دیا گیا۔ یہ اسلام کی حکومت میں ہی ان کی آنکھیں پتھرا گئیں اور دل حلق کو آ گئے اور ایسی آزمائش نازل ہوئی جو زلزلوں کی مانند تھی۔

اس تصویر پر غور کیجیے اور اس تصویر کو ملاحظہ کیجیے جسے اس زمانے کے مشائخ پیش کرتے ہیں۔ وہ اس میں ایسا رنگ بھرتے ہیں کہ اس میں کوئی مشقت نہیں، ہر انسان کے لیے علیحدہ گھر ہے اور لوگ صرف اسلام اور اہل اسلام کو دیکھ کے ہی اسلام میں داخل ہو جاتے ہیں اس طرح لوگ اسلام اور ہماری جماعت ''میں شامل ہوتے جاتے ہیں۔ کیونکہ ایسے لوگوں کے ذہن میں یہی ہوتا ہے کہ ساری جماعتوں اور گروہوں کے درمیان ہم ہی ایسا گروہ ہیں جسے یہ نعمت بخشی جائے گی جو یہ امن لوگوں کو مہیا کر پائے گا۔

لیکن اگر میں کہوں کہ اسلامی حکومت میں ہی تین خلفائے راشدین ایسے لوگوں کے ہاتھوں قتل کر دیے گئے جنہیں اس کام کے لیے زیادہ منصوبہ بندی بھی نہ کرنا پڑی۔ امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ.....انہیں ابو لولوءۃ المجوسی نے فجر کی نماز کے وقت قتل کیا جب مسلمانوں کے سردار، علماء و شیوخ وہاں موجود تھے.....امیر المومنین ذالنورین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ پر بلوائیوں نے غلبہ پا لیا اور مدینہ پر قبضہ کر لیا اور خلیفہ کو اس کے گھر میں گھس کر قتل کر دیا .....مدینہ کے وسط میں لوگوں کے درمیان.....امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ مسجد کے وسط میں کھڑے لوگوں کو فجر کی نماز کی طرف بلا رہے تھے اور لوگوں کے درمیان .....ابنِ ملجم خارجی آیا تو وہ آپ کے سر پر تلوار کی ضرب

لگاتا ہے جبکہ اس نے اپنے گروہ کے ساتھ اسی دن معاویہ رضی اللہ عنہ اور ابن العاص رضی اللہ عنہ کے قتل پر اتفاق کر رکھا ہے۔ یہ خلافتِ راشدہ کا دور تھا اور کسی کو کیا معلوم کہ اس دور کے بعد کیا تھا؟؟

اس لیے ہم کہتے ہیں جو لوگ عملی عالمِ اسلام کا تصور کرتے ہیں ..... مسلمان انسان کی زندگی کی تحریک..... یہ ایسی تحریک ہے کہ کسی بھی پہلو سے ایک بشری تحریک ہونے سے خارج نہیں ہے..... لیکن جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ تحریک انسانی پیمانوں سے بالا ہے وہ وہم میں مبتلا ہیں اور حقیقت سے آنکھیں بند کر کے خیالوں کی دنیا میں رہ رہے ہیں۔ لیکن جونہی ایسے لوگوں کے خیالوں کی دنیا کا محل کسی تلخ حقیقت کے ساتھ گر جاتا ہے تو وہ فوراً منہ موڑ لیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اس تحریک سے مکمل علیحدگی اختیار کر لیتے ہیں کہ وہ اس مسئولیت کو اٹھانے سے عاری ہیں۔

کتابوں کے درمیان اور کتابوں کے ساتھ ہی زندہ رہنا ..... قلم، افکار اور اوراق ..... صرف یہی اسلام نہیں ہے بلکہ اسلام تو انسانی زندگی کی تحریک ہے ..... ایسا انسان جس میں خوبیاں بھی ہیں خامیاں بھی..... خوبیاں تقویت و مدد کا باعث ہیں اور خامیاں و غلطیاں درست کی جاتی ہیں۔ پس عملی عالمِ اسلام میں درستگی بھی ہے، اس میں ظلم بھی ہے، سچائی بھی اور جھوٹ بھی اور ہر چیز کا اسلام میں اپنا مقام ہے۔

اسلام وقوعِ خطاء کا اعتراف کرتا ہے اور اسے مخلوق میں ناپید نہیں سمجھتا۔ اسی لیے اللہ عزوجل نے سزائیں اور حدود مقرر کی ہیں اور اس کے لیے احکام نازل کیے ہیں۔ اسلامی احکام میں سارا خطابِ ربانی مسلمان موحد و مجاہد کے لیے ہی ہے نہ کہ غیر مسلموں کے لیے۔

اسی لیے ہم فتنہ یعنی آزمائش کے دور میں واقع ہوئی جنگوں جو علی اور معاویہ وام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہم کے درمیان برپا ہوئیں، کے متعلق ہم صحابہ کا معاملہ اللہ کے سپرد کرتے ہیں۔ اس کے متعلق ہم وہی احکام وارد کرتے ہیں جن کی صحت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے جیسے کہ آپ نے عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا (تَقْتُلُكَ الفِئَةُ البَاغِيَةُ) تجھے باغی گروہ قتل کرے گا، اور اس جیسی دوسری احادیث !!۔ لیکن اگر ہم اس حقیقت کو قریب سے دیکھیں تو یہ ایسا دور تھا جو اچھے زمانوں کے

بہت قریب تھا.....اس سب کے باوجود اگر ہم غور کریں کہ ایسے حادثات واقع ہوئے جن کی ہولناکی بچوں کو بوڑھا کر دے..... مثلاً

(۱)الخوارج.....چار ہزار خارجیوں نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے خلاف قتال کا فیصلہ کیا اور کوفہ میں تین ہزار خوارج نے ان کے خلاف عدمِ قتال کی راہ لی۔ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے انہیں کہا کہ میرے اور اپنے دشمن معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلاف میرے ساتھ چلو۔ لیکن انہوں نے انکار کر دیا کہ ہم نہ جائیں گے یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ اپنے کفر کا اعتراف کریں اور اپنی توبہ کا اعلان کریں!!۔ پھر جب انہوں نے خباب بن الارت رضی اللہ عنہ کو ان کی حاملہ بیوی کے ساتھ قتل کر دیا تو جنابِ علی رضی اللہ عنہ نے ان کے خلاف نہروان کے مقام پر جنگ کی اور ان سب کو قتل کر دیا اور اس جنگ میں سوائے 400 زخمیوں کے کوئی نہ بچا!!۔

(۲) جنگِ جمل جو بصرہ کے علاقے خریبہ میں ہوئی (جیسے کہ عمر بن شیبہ نے روایت کیا ہے) یہ معرکہ مسلمانوں اور مسلمان قبائل کے ہی درمیان تھا. جہاں قبیلہ مضر، مضر کے خلاف، ربیعہ، ربیعہ کے خلاف اور اہلِ یمن، یمنیوں کے ہی خلاف برسرِ پیکار تھے۔ وہ سب دین، منہج اور حتی کہ نسب میں بھی بھائی تھے.....انہی جنگوں میں جنت کی بشارت دیے گئے صحابہ طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما قتل کر دیے گئے۔

(۳)جنگِ صفین جو علی رضی اللہ عنہ و معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ہوئی .....ایسا معرکہ جس میں لاشوں کے انبار لگ گئے باوجود اس کے کہ بعض لوگوں نے صلح کرنے پر ابھارا اور کہنے لگے ''شام کا محاذ اہلِ شام کے بعد اور عراق کا محاذ اہلِ عراق کے بعد کون سنبھالے گا .....کون ہو گا عورتوں اور بچوں کے لیے ..... کیا تمہیں آپس میں اپنے رشتے بھی یاد نہیں؟ !۔ ضعیف روایت سے دور جن میں بہت کچھ مذکور ہے لیکن یہ بات حقیقت ہے کہ اس جنگ کی ہولناکی بہت شدید تھی۔

(۴) بعض عیسائی اسلام لانے کے بعد مرتد ہو گئے یہاں تک کہ وہ کہنے لگے (لديننا الذى خرجنا منه خير من دين هوء لآء الذين هم عليهم ماينها هم دينهم عن سفك الدماء واخافف السبيل واخذ الاموال) کہ وہ دین جس سے ہم نکلے تھے ان کے دین سے بہتر تھا جس پر کہ یہ لوگ ہیں، ان کا دین انہیں خون بہانے اور اموال لینے سے بھی نہیں روکتا۔ (اسے طبری نے روایت کیا) اس پر علی بن طالب رضی اللہ عنہ نے ان عیسائیوں کے خلاف قتال کیا !!!۔

اس کے بعد جماعت کا سال آیا اور پھر ابن زبیر رضی اللہ عنہ کی جنگ .....پھر.....اور .....!!!۔ پس یہ انسانی زندگی کی حقیقت کا ایک رخ ہے .....انسان کی زندگی کا !!.....اس لیے اس بات کو نہیں بھولنا چاہیے کجا کہ ہم ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے بیٹھ جائیں اور لوگوں کو یہ سمجھائیں کہ انسان کی ساری زندگی رات کے قیام، دن کے روزے، بار بار کی خطاء و معافی اور ہمیشہ کی خیر و برکت سے عبارت ہے !!۔ اس پر انسان تکیہ کر کے بیٹھ جائے کہ اس کا خیالی ولی مسلمان ایسے مثالی کردار کا حامل ہے..... لیکن.....

ولی بھی انسان ہی ہے.....انسان.....بشر !!

اور مجاہد بھی انسان ہے.....انسان.....بشر !!

لیکن اسلام کی وہ خیالی تصویریں جو کبھی کارٹونوں اور فلموں میں جنوں اور فرشتوں کی دنیا کیساتھ پیش کی جاتی ہیں وہ ایسی صورت ہے جو اسلام کی شکل کو خوبصورت بنانے کے بجائے اور بگاڑ دیتی ہے ۔ یہ باتیں ہم اس قوم کو مخاطب کر کے کہتے ہیں جو چھوٹے امور کے لیے عظیم امور کو معطل کر دیتی ہے۔ پھر ان کی حساسیت کسی بھی خیر اور فضلِ الٰہی کو دیکھنے سے غلطیوں کے موقع پر ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیتی ہے۔

جہاد اللہ کی راہ میں ایک انسانی تحریک ہے جس کا ہدف اختیار و ملک ہے اسی لیے اس میں انسانی زندگی کے تمام عوامل کا دخل ہے۔ پس جو کوئی تلوار کی طرف بلاتا ہے تو وہ اس بات کا انتظار نہیں کرتا کہ کوئی اس

کے ساتھ بحثوں اور خوبصورت الفاظ کے ساتھ مرصع خطبوں کیساتھ مناقشہ کرے گا۔ بلکہ اسے بھی انتظار کرنا ہوتا ہے کہ وہ بھی تلوار کی حرارت کا ذائقہ چکھے۔ .....یہ بندوں میں اللہ کی سنت ہے اور یاددہانی کے لیے ..... تین خلفاء راشدین .....الشہدآء.....ایسے لوگوں کے ہاتھوں قتل ہوئے جو مسلمانوں کے ہی درمیان رہ رہے تھے۔

ابولوءلوءۃ الفارسی.....کے مجوسی یا مسلمان ہونے میں اختلاف ہے !!

ابوملجم.....خوارج میں سے تھا!!

عثمان رضی اللہ عنہ پر حملہ کرنے والے .....ان کے بعض لوگ علی رضی اللہ عنہ کے لشکر میں قائد بنے!!

اس لیے اللہ تعالیٰ کی سلطنت واختیار کو زمین پر قائم کرنے کی راہ پر جو بھی مسلمان اپنا قدم رکھتا ہے.....اپنے نفس کو طاغوت کے خلاف لڑائی کے لیے وقف کردیتا ہے .....تاکہ ان کے تخت ڈھادیے جائیں اور ان کی سرکشی کو توڑ دیا جائے .....تو ایسے شخص کا انجام معلوم ہے .....لیکن اگر وہ اپنے آپ کو اس کے لیے تیار نہیں کرتا تو وہ کسی دھوکے میں ہے .....یعنی اسکی کوئی عقل نہیں .....اس بندے کا انجام تخت ہے یا تختہ !!!

ہاں.....یہ تیرے لیے آسان ہے کہ ایک مجلہ نشر کردے تاکہ ایک جماعت وحزب کی تشکیل دی جائے اور جیلوں میں قید بھائیوں کی رہائی کا انتظار کیا جائے .....یا بادشاہ کی موت کا انتظار کیا جائے کہ شاید دوسرا اس سے بہتر ہو۔ اگر معاملہ ایسا ہے تو پھر تیرے لیے بہت آسان ہے۔ یعنی تو ایک سیاسی اور بیان باز آدمی ہے اور تیری فائل انٹیلی جنس والوں کے پاس موجود ہے اور وہ تجھے ایسے کھاتہ میں رکھتے کہ تو ان کے بالکل خلاف نہیں یعنی مخالف سیاست کی حدود کے اندر ہی کام کرتا ہے۔

جیسے کہ پاکستانی ایجنسیوں کی پروردہ تنظیموں (جیسے کے جماعۃالدعوۃ، جیش محمد وغیرہ) کا حال ہے کہ وہ بھی جب تک ان کی وضع کردہ حدود و قیود کے اندر کام کرتی رہیں تو ان کا سورج چڑھا رہتا ہے لیکن جو کوئی اس کی مخالفت کرے وہ ڈوب جاتا ہے۔ اسلیے اپنے منہج سے دستبردار ہونا اور اصولوں پر سمجھوتا کرنا ایسے لوگوں کے لیے کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہوتا کیونکہ ایسے لوگ تو تنخواہ کے لوگ ہیں نہ کہ اصول وعقیدہ کے۔ جہاں تک کارکنان کا تعلق ہے تو ان کے سولات پر ﴿إِلَّا أَن تَتَّقُوا مِنْهُمْ تُقَاةً﴾ کی تاویلیں پیش کردی جاتی ہیں۔ اس پر بھی وظیفہ خور کارکن جو پہلے ہی اس کی تاویل کا انتظار کر رہا ہوتا ہے وہ چپ سادھ لیتا ہے۔

لیکن جب تو..... جہاد و قتال..... کی راہ چلے گا تو پھر انتظار کر.....

کیا تو اپنے سے پہلے اپنے اسلاف سے بہتر ہے.....

تو اپنے پہلے ساتھیوں سے اتنا دور بھی نہیں.....

یہ عبداللہ عزام تجھ سے زیادہ دور نہیں..... نہ ہی شیخ عمر عبدالرحمن تجھ سے دور ہیں.....

ابو طلال القاسمی کا انجام تیرے سے زیادہ دور نہیں..... نہ ہی انور شعبان !!.....

نہ ہی غازی رشید اور مفتی شامزئی کسی اور زمانے میں ہو گزرے ہیں.....

نہ ابو عبداللہ احمد کا قصہ تجھ سے ڈھکا چھپا ہے ..... یہ فہرست اے میرے مجاہد بھائی بہت طویل ہے۔ لیکن تیرے لیے یہی مثالیں کافی ہیں۔

یہ تو ایسا کام ہے کہ جس کی ہولناکی بچوں کو بوڑھا کر دیتی ہے .....اس کام کے لیے بہادر مرد چاہییں !۔ اس لیے اس میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لے، بعد میں کہیں یہ نہ کہنا انہوں نے مجھے دھوکہ میں ڈال دیا تھا۔ ہم تجھے کسی وزارت یا منصب کے حصول کی ضمانت نہیں دیتے .....نہ ہی یہ

کہتے ہیں کہ تیرے ساتھ جہاد کرنے والے فرشتے ہیں جو غلطی نہیں کرتے .....نہ ہی ہم یہ کہتے ہیں کہ تیرے لیے آسمان سے ایسی پستول اترے گی جو تجھے بتائے گی یہ مومن ہے اسے نہ مار اور وہ کافر ہے یا یہ کہ وہ سنی اور بدعتی میں فرق کرے گی۔ نہ ہی ہم تجھے اپنے اندر مو جود کسی قائد نبی کی ضمانت دیتے ہیں جسے وحی سے راہنمائی ملتی ہو. بلکہ ہم آج ایک بات کہیں تو کل اس سے رجوع بھی کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر تو وہی خیالی دنیا ہی چاہتا ہے تو چاند پر چڑھ جا .....﴿وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ﴾ہم نے جو دیکھا وہی بیان کیا اور ہم غیب جاننے والے نہیں۔ لیکن اگر تو اس سب سے عاجز ہے تو تجھ سے پہلے بہت سے لوگ اس سہولت کی راہ چل کے چڑیوں کی طرح اپنے بچوں کے ساتھ گھونسلوں میں بیٹھے کھاتے پیتے ہیں اور گھروں میں لگے خوبصورت شیشوں سے زندگی کی رنگینیوں کے نظارے کرتے ہیں۔ یہ سب دفاع کے وقت میں ہے .....جب تو گھر بیٹھ جائے گا تو پھر وہ لوگ اپنے بڑے بڑے وعظ لیے ہمارے سامنے آئیں گے تاکہ ہمیں کہیں .....ہم نے کہا تھا .....ہمیں یہی توقع تھی.....ہم نے خبردار کیا تھا .....ہم نے اور ہم نے .....طویل زبانوں کے ساتھ۔ ہم اللہ سے ایسی زبانوں کے چھوٹا کرنے کا سوال کرتے ہیں !!!﴿سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ﴾ وہ اپنی تیز زبانوں کے ساتھ تمہیں ملیں گے، مال کے اوپر حریص۔ ان بیٹھے ہوئے لوگوں کی حالت ایسے ہے جیسے فٹبال کھیلنے والے کے خلاف کسی ماہر کی تنقید ہو۔ لیکن یہ سب بلند آواز وں کے ایسے لوگ ہیں جو معرکہ کی قیادت سے باہر کرسیوں پر بیٹھ نظارہ کرتے ہیں .اللہ جانتا ہے کہ ان کے پسینے چھوٹ رہے ہوتے ہیں اور وہ پسینے پونچھتے ہیں، ان کی آوازیں بیٹھ جاتی ہیں لیکن یہ لوگ ہاتھوں کے ساتھ فٹ بال کھیلنے والے ہیں(مقالات بین منهجین۔ مقالہ نمبر 83)۔

مرتد کے ساتھ قتال کا حکم.....

.....بنسبت اصلی کافر کے زیادہ شدید ہے !!

جس نے بھی صحابہ کی جنگوں کی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے اس نے اس بات کو بہت واضح طور پر جان لیا ہو گا کہ ان کا مرتدین اور خصوصاً مسیلمہ کذاب اور بنو حنیفہ سے اسکے پیروکاروں کے خلاف جہاد کس قدر واضح تھا۔ یہ شدید ترین جنگ تھی جس میں مسلمانوں کو بہت مشقت اٹھانا پڑی اور اس میں بنی حنیفہ کے مقتولوں کی تعداد 10,000 تھی جبکہ مسلمانوں کے مقتولوں کی اکثریت حفاظِ قرآن کی تھی یہاں تک کہ حفاظ کا اتنی بڑی تعداد میں قتل ہو جانا خلیفہ اول کے لیے جمعِ قرآن کا سبب بنا۔

پھر جو کوئی بھی اسلامی تاریخ پر نظر ڈالتا ہے تو وہ جان لیتا ہے کہ زندقہ کے خلاف لڑی جانے والی جنگیں مسلمانوں پر کس قدر مصیبتوں کا باعث تھیں۔ اگر ہم اس کا سبب جاننے کی کوشش کریں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ایسا دو وجہ سے تھا اور ان کو سمجھ کے آپکو جماعتِ توحید و جہاد کی حقیقت کا ادراک ہو جائیگا۔ کہ جس امر پر وہ آج قائم ہیں اس پر صرف اہلِ ہمت ہی ٹھہر سکتے ہیں اور اس کام کو وہی کر سکتا ہے جس نے اپنے آپ کو اللہ کے لیے خالص کر لیا ہو۔ یہ دو سبب ہیں .....

(۱) مرتدین سے قتل کا حکم اصلی کافر سے زیادہ شدید ہے !!

